★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

روزنامہ

تعمیر وطن

کوئٹہ

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 28......شمارہ نمبر 06 بروز منگل 6 اکتوبر 2026ء 23 ربیع الثانی 1448ھ...... قیمت 7 روپے (صفحات 4) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان......ایڈیٹر: ایم ایس خان

غزہ میں ملبہ صاف ہونے میں 10 سال لگ سکتے ہیں، اقوام متحدہ

نیویارک (جی این ایم) اقوام متحدہ نے کہا ہے کہ غزہ میں اسرائیلی حملوں کی وجہ سے کل 61 ملین ٹن ہے جسے صاف کرنے میں 10 سال تک لگ سکتے ہیں۔ عالمی میڈیا کے مطابق اقوام متحدہ کے اندازوں میں بتایا گیا ہے کہ تمام ملبے کو صاف کرنے میں سات سے دس سال لگیں گے، اگر ضروری وسائل کو بھی تعینات کیا جائے۔ اس سے غزہ کی پٹی میں صفائی کی کوشش جدید تاریخ کی سب سے بڑی کوششوں میں سے ایک ہو جائے گی۔ غزہ میں ملبے کی کل مقدار 61 ملین ٹن بتائی گئی ہے۔

ماہ ستمبر میں جنوبی بلوچستان سے 435 غیر قانونی افغان باشندے گرفتار، وطن واپس بھیج دیا گیا

راولپنڈی (جی این ایم) سیکیورٹی فورسز کی جنوبی بلوچستان میں غیر قانونی افغان باشندوں کے خلاف موثر کارروائیاں جاری ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ستمبر 2026 میں جنوبی بلوچستان میں 15 کامیاب آپریشنز کے دوران 435 غیر قانونی افغان باشندوں کو گرفتار کیا گیا، کارروائیاں تربت، دشت، پنجگور، والبدین اور ماشکیل کے علاقہ میں غیر قانونی افغان باشندوں کے خلاف کی گئیں۔ گرفتار 435 غیر قانونی افغان باشندوں کو قانونی کارروائی کے بعد وطن واپس بھیج دیا گیا ہے۔

جمہوریت میں احتجاج کرنا ہمارا حق، گولی نہیں چلنی چاہیے، بیرسٹر گوہر

سوات (آن لائن) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر خان نے کہا ہے کہ جمہوریت میں احتجاج کرنا ہمارا حق ہے، ہمارے کارکن پرامن ہیں، اس لیے گولی نہیں چلنی چاہیے۔ سوات میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

سہیل آفریدی کی نااہلی کی واحد وجہ عمران خان سے وفاداری ہوگی، جنید اکبر

پشاور (جی این ایم) پاکستان تحریک انصاف خیبر پختونخوا کے صدر اور سینئر رہنما و رکن قومی اسمبلی جنید اکبر کی جانب سے جاری کردہ ایک انتہائی سخت بیان نے ہلچل مچا دی، جس میں انہوں نے پارٹی قیادت کو دوٹوک پیغام دیتے ہوئے انتباہ جاری کر دیا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

بانی پی ٹی آئی عمران خان 74 برس کے ہوگئے

اسلام آباد (جی این ایم) بانی پی ٹی آئی، سابق وزیراعظم عمران خان 74 برس کے ہوگئے، پی ٹی آئی کی جانب سے ملک بھر میں بھرپور انداز میں سالگرہ منائی گئی، کیک کاٹے گئے۔ بانی پی ٹی آئی کے لئے سوشل میڈیا پر مبارک باد کے پیغامات کا تانتا بندھ گیا، سالگرہ مبارک ہو خان (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

خیبر پختونخوا میں آئینی آپشن استعمال کرنے سے متعلق تمام سیاسی اور قانونی پہلوؤں پر غور ہوگا، وفاقی حکومت کی جانب سے صوبے میں امن وامان برقرار رکھنے کیلئے ممکنہ اقدامات پر مشاورت ہوگی

خیبر پختونخوا میں سیاسی کشیدگی، وزیراعظم اور صدر زرداری کا اہم مشاورتی فیصلہ

لانگ مارچ کے اثرات، گورنر راج اور ایمرجنسی سمیت آئینی آپشنز زیرغور، وزیراعظم شہباز شریف کا صدر آصف زرداری سے خیبر پختونخوا کی صورتحال پر جلد دوبارہ ملاقات کا فیصلہ

اسلام آباد (آن لائن) تحریک انصاف کے لانگ مارچ کے معاملہ پر وزیراعظم شہباز شریف نے صدر آصف زرداری سے خیبر پختونخوا کی صورتحال پر جلد دوبارہ ملاقات کا فیصلہ کیا ہے اور وزیراعظم اور صدر کے درمیان ملاقات میں خیبر پختونخوا کی مجموعی سیاسی، آئینی اور سیکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعلی خیبر پختونخوا کی جانب سے لانگ مارچ کے معاملے پر اختیار کیے گئے موقف اور صوبائی معاملات پر مشاورت ہوگی، خیبر پختونخوا میں امن و امان کی صورتحال پر وزیراعظم صدر کو تفصیلی بریفنگ دی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق صوبے میں جاری سیاسی کشیدگی اور لانگ مارچ کے ممکنہ اثرات پر بھی غور کیا جائے گا، وفاقی حکومت اور تحریک انصاف کے مذاکرات کی ناکامی کے ممکنہ (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

مقامی حکومتوں کی موجودہ مدت فروری 2027 میں مکمل ہو رہی ہے، جس کے بعد بلدیاتی انتخابات منعقد کرائے جائیں گے بلوچستان میں یہ اپنی نوعیت کا پہلا اقدام ہے

بلوچستان کے شہروں میں بہت سی تنگ گلیاں موجود ہیں انتخابات کے بعد میونسپل کمیٹیوں کی سطح پر عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی اور اداروں کی کارکردگی میں مزید بہتری کیلئے اقدامات کیے جائیں گے

حکومت بلوچستان آئندہ بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کیلئے مکمل طور پر تیار ہے

وزیر اعلیٰ بلوچستان

بلدیاتی نظام کو مزید مضبوط بنانے کے ساتھ انتخابات کے انعقاد میں کسی قسم کا حیلہ یا بہانہ نہیں کیا جائے گا، وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا خطاب

وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلدیاتی اداروں کی خدمات میں بہتری کیلئے محکمہ لوکل گورنمنٹ کی جانب سے جدید مشینری کی فراہمی سے متعلق تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں بلدیاتی نظام کو مضبوط بناتے ہوئے عوام کو بہتر میونسپل سروسز کی فراہمی اور صفائی کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے عملی اقدامات کئے جا رہے ہیں پہلے مرحلے میں صوبے کی تمام میونسپل کمیٹیوں کو جدید مشینری اور ضروری آلات سے لیس کیا جا رہا ہے جبکہ دوسرے مرحلے میں یونین کونسلز، چھوٹے ٹاؤنز اور دیہی علاقوں تک اس سہولت کو توسیع دی جائے گی ان خیالات کا اظہار (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

اربوں روپے کی ٹریڈ بیسڈ منی لانڈرنگ کا شبہ، جے آئی ٹی بنانے کی سفارش

کسٹمز نے دو نجی کمپنیوں کو مبینہ طور پر جعلی اور کاغذی کمپنیاں قرار دے دیا

اسلام آباد (جی این ایم) کسٹمز تحقیقات میں ایک ارب 30 کروڑ روپے کی انڈر ویلیوئنگ کی نشاندہی پر ایف آئی اے سمیت منی لانڈرنگ کی تحقیقات کرنے والے اداروں پر مبنی جے آئی ٹی بنانے کی سفارش کر دی گئی۔ کسٹمز نے دو نجی کمپنیوں کو مبینہ طور پر جعلی اور کاغذی کمپنیاں قرار دے دیا۔ کسٹمز حکام کی رپورٹ میں کہا گیا کہ دونوں کمپنیوں کے خلاف (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

کیسکو کے چیف انجینئر (آپریشن) کا ریجنل اسٹور اور ٹرانسفارمر ورکشاپ کا دورہ

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے چیف انجینئر (آپریشن) انجینئر عادل عزیز نے کیسکو ریجنل اسٹور، ٹرانسفارمر ورکشاپ اور (ایم اینڈ ٹی) کے دفاتر کا دورہ کیا۔ اس موقع پر چیف انجینئر (آپریشن) (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

کوئٹہ میں ڈسٹرکٹ ایکسپلوسیو کمیٹی کا اجلاس، دھماکہ خیز مواد سے متعلق امور کا جائزہ

لائسنسز، حفاظتی انتظامات اور قوانین پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایکسپلوسیو کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) سمیت متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع کوئٹہ میں دھماکہ خیز مواد سے متعلق مختلف امور، لائسنسز کے اجراء، وتجدید، متعلقہ مقامات کے حفاظتی انتظامات اور دیگر قانونی و انتظامی معاملات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر متعلقہ افسران نے کمیٹی کو مختلف درخواستوں، کیسز اور متعلقہ ریکارڈز (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

جے یو آئی کا 15 اکتوبر کو ملتان میں حکومت مخالف جلسے کا اعلان

لاہور (سی ایم لنکس) جے یو آئی نے 15 اکتوبر کو ملتان میں حکومت مخالف جلسے کا اعلان کر دیا اور کہا ہے کہ یہ جلسہ جنوبی پنجاب کی سیاسی سمت کا تعین کرے گا اور مولانا فضل الرحمان احتجاجی تحریک کے اگلے مرحلے کا اعلان کریں گے۔ جمعیت علمائے اسلام (ف) کے ترجمان نے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ حکومت (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

وزیراعظم وعدہ پورا کریں ورنہ دوبارہ احتجاج شروع کردیں گے، حافظ نعیم الرحمان

ریلیف پیکیج حل نہیں، لیوی کا خاتمہ کیا جائے، ہم ایک دن کے لئے بھی ان مطالبات سے دستبردار نہیں ہوئے

17 اکتوبر 2026 تک کا وقت اہل غزہ کے لئے مختص کیا ہے، اس کے بعد ہم آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کریں گے

کراچی (جی این ایم) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ فیول ریلیف پیکیج حل نہیں، لیوی کا خاتمہ کیا جائے، وزیراعظم اپنا وعدہ پورا کریں ورنہ ہم دوبارہ ملتان سے کسی بھی وقت احتجاج کا سلسلہ شروع کر دیں گے، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں پر 7 اکتوبر کے بعد اگلے مرحلے کا اعلان کریں گے۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

کرک، وزیراعلی خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی لانگ مارچ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

میں ہمیشہ سے بزنس کمیونٹی کے ساتھ کھڑا ہوں، پاک ایران مشترکہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سالانہ اجلاس سے خطاب

پاک ایران تجارتی حجم کو بڑھانے کیلئے وفاقی حکومت ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے، جعفر مندوخیل

مقامی صنعتکاری کے فروغ کو ممکن بنا کر لوگوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ملک کی معیشت کو مضبوط بنانا ہوگا

بزنس کمیونٹی اور چیمبرز کو اپنے ورکنگ ریلیشن بڑھانے چاہئے تاکہ مل جل کر کام کریں تقسیم ہمیشہ ہماری یکجہتی کو کمزور کرتی ہے، خطاب

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ پاک ایران تجارتی حجم کو بڑھانے کے لئے وفاقی حکومت ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ ہمسایہ ممالک کے ساتھ بہتر تجارتی تعلقات وقت اور حالات کی اہم ضرورت ہے اس حوالے سے تمام ممالک کو موجودہ صورتحال کا ادراک کرنا ہوگا۔ بزنس کمیونٹی ملکی معیشت کے استحکام میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ اس لئے ہمیں مقامی صنعت کاری کے فروغ کو ممکن بنا کر لوگوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ملک کی معیشت کو مضبوط بنانا ہوگا کیونکہ تاجر ملک کی معیشت میں ر (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

سلام کوٹ، پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری تھر بلاک ٹو کے فیز 3 کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا حکومت پر دہشتگردی سے نمٹنے میں ناکامی کا الزام، صوبائی ایپکس کمیٹی کے اجلاس نہ بلانے پر سوالات اٹھا دیئے

پی ٹی آئی کو فیصلہ کرنا ہوگا کہ پاکستان کیساتھ ہے یا افغانستان کیساتھ، عطا تارڑ

رہنما بار بار موقف تبدیل کرنے اور یوٹرن لینے کیلئے جانے جاتے ہیں، ان کی پالیسیوں سے دہشتگردی کے فروغ کے خدشات پیدا ہوئے

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے پاکستان تحریک انصاف پر دوغلی پالیسی اختیار کرنے کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا ہے کہ تحریک انصاف بات چیت کے لیے آتی ضرور ہے لیکن اپنے دوہرے معیار اور مبینہ منافقانہ طرز عمل سے (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی ڈسٹرکٹ ایکسپلوسیو کمیٹی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

رحیم کاکڑ کی بانی چیئرمین کو سالگرہ کی مبارکباد، فوری رہائی کا مطالبہ

پشتونوں کا قتل عام اور غدار قرار دینا بند کیا جائے، موجودہ حکمرانوں کی پالیسیوں سے ملک کو نقصان پہنچ رہا ہے

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنما و سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ نے کہا ہے کہ میں تحریک انصاف کی جان عمران خان کو 74 سالگرہ مبارک ہو اپنے بیان میں ریاست کے بااختیار حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ تم نے ایک سچے ایماندار لیڈر جیل میں بند کیا ہے کو فوری (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

ایمان اور ہادی چٹھہ ضمانت کیس، ریکارڈ پیش نہ کرنے پر جج برہم

اسلام آباد (یو این اے) انسداد دہشت گردی عدالت نے ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی درخواست ضمانت کے کیس کا ریکارڈ پیش نہ کرنے پر پولیس حکام پر برہمی کا (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

بھاگ، جے یو آئی تحصیل عاملہ کا اجلاس، بڑھتی ہوئی وارداتوں پر تشویش

عوام کے جان ومال کا تحفظ یقینی بنایا جائے، بینک کی منتقلی کا فیصلہ واپس لے کر برانچ کو یہیں بحال رکھا جائے، جے یو آئی رہنما

بھاگ (یو این اے) جمعیت علماء اسلام تحصیل بھاگ کی تحصیل عاملہ کا اجلاس جامعہ دارالعلوم بھاگ میں تحصیل امیر قاضی حماد اللہ کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں امن و امان کی صورتحال نیشنل بینک بھاگ برانچ کی بی سی منتقلی تنظیمی امور اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی غور وخوض (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

صدر اور وزیراعظم کا قوم کی تعمیر میں اساتذہ کے کردار کو خراج تحسین

کراچی (یو این اے) صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے قوم کی تعمیر، کردار سازی اور معیار تعلیم کو بہتر (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

اساتذہ نئی نسل کو صرف علم ہی نہیں بلکہ کردار، نظم وضبط، سوچنے کی صلاحیت اور خود اعتمادی بھی فراہم کرتے ہیں، یوم اساتذہ پر خطاب

پاکستان کی ہر کامیابی کے پیچھے کسی نہ کسی استاد کی محنت، رہنمائی اور تربیت شامل ہے، احسن اقبال

امن بچوں کو سیکھنے کا موقع دیتا ہے، تعلیم نوجوانوں کے لیے امکانات پیدا کرتی ہے جبکہ ترقی خاندانوں کو بہتر مستقبل کی امید فراہم کرتی ہے

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ اساتذہ قوم کے مستقبل کے معمار ہیں، جو نئی نسل کو صرف علم ہی نہیں بلکہ کردار، نظم وضبط، سوچنے کی صلاحیت اور خود اعتمادی بھی فراہم کرتے ہیں۔ یوم اساتذہ کے موقع پر نارووال میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کی ہر کامیابی کے پیچھے کسی نہ کسی استاد کی محنت، رہنمائی اور تر (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

پنجگور، خدابادان ہسپتال میں دو روزہ فری میڈیکل کیمپ اختتام پذیر

معیاری طبی سہولیات کی فراہمی قابل تحسین ہے، ماہانہ بنیادوں پر ایسے کیمپ منعقد کیے جائیں، شہریوں کا مطالبہ

پنجگور (یو این اے) پنجگور پچاس بیڈڈ ہسپتال خدابادان میں دو روزہ فری میڈیکل کیمپ اختتام پذیر، کیمپ میں تقریبا 8 ہزار سے زائد مریضوں کا معائنہ کیا گیا پنجگور کے پچاس بیڈڈ ہسپتال خدابادان میں 29 سے 30 ستمبر تک جاری رہنے والا دو روزہ فری میڈیکل کیمپ اختتام پذیر ہوگیا۔ کیمپ کے دوران ایک محتاط اندازے کے مطابق تقریبا 8 ہزار مریضوں کا طبی معائنہ اور چیک اپ کیا گیا۔ فری میڈیکل کیمپ میں مختلف علاقوں سے کراچی کوئٹہ تربت دیگر علاقوں سے تعلق رکھنے والے کم از کم 35 ڈاکٹروں نے شرکت کی اور مریضوں کا طبی معائنہ کرنے کے ساتھ انہیں طبی مشورے بھی فراہم کیے کیمپ میں ڈاکٹر ایوب مراد، ڈاکٹر الہی بخش، ڈ (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

جیٹ فیول کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ، فضائی ٹکٹ مزید مہنگے ہونے کا امکان

اسلام آباد (پ ر) جیٹ فیول کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کی وجہ سے فضائی ٹکٹوں کی قیمتیں بڑھنے کا امکان ہے۔ جہازوں کے ایندھن جیٹ فیول کی قیمت میں صرف 3 روز کے دوران 9 روپے فی لیٹر سے زائد اضافہ ہو گیا۔ جیٹ فیول کی قیمت بڑھ کر 355 روپے 52 پیسے فی لیٹر تک پہنچ گئی ہے۔ کم اکتوبر سے 3 اکتوبر (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

جنوبی بلوچستان میں غیر قانونی افغان باشندوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں، 435 گرفتار

15 کامیاب آپریشنز: تربت، دشت، پنجگور، دالبندین اور ماشکیل میں کارروائیاں، گرفتار افراد کو قانونی کارروائی کے بعد وطن واپس بھیج دیا گیا

مقیم رہنے والے افراد کے خلاف کارروائیوں کا مقصد غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام اور علاقے میں امن وامان کو مزید موثر بنانا ہے، ذرائع

کوئٹہ (آن لائن) جنوبی بلوچستان میں غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی باشندوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری ہیں، جہاں ستمبر 2026 کے دوران مختلف علاقوں میں 15 کامیاب آپریشنز کے دوران 435 غیر قانونی افغان باشندوں کو گرفتار کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے تربت، دشت، پنجگور، دالبندین اور ماشکیل کے علاقوں میں کارروائیاں کیں۔ آپریشنز کے دوران گرفتار کیے گئے 435 افغان (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

استاد معاشرے کا عظیم معمار ہے، ارشد حسین جمالی

قوموں کی ترقی کا روشن مستقبل اساتذہ کی محنت سے جڑا ہے، ڈی سی ہرنائی

گنداخہ (یو این اے) ڈپٹی کمشنر ہرنائی میر ارشد حسین جمالی نے 5 اکتوبر یوم اساتذہ کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں اساتذہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ استاد (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

معیاری تعلیم کا فروغ اور اساتذہ کا احترام وقت کی اہم ضرورت ہے، فیصل جمالی

استاد نسلوں کی تربیت کا فریضہ انجام دیتا ہے، بلوچستان میں تعلیمی شعبے کی بہتری کے لیے اجتماعی کوششیں ناگزیر ہیں، صوبائی وزیر

گنداخہ (یو این اے) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک بلوچستان سردارزادہ فیصل خان جمالی نے 05 اکتوبر یوم اساتذہ کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں ملک بھر کے اساتذہ کو خراج (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

ڈیرہ مراد جمالی، مسافر کوچ سے دو کروڑ روپے مالیت کا غیر ملکی اسمگل شدہ سامان برآمد

ڈیرہ مراد جمالی (یو این اے) ڈیرہ مراد جمالی سٹی پولیس نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے کوئٹہ سے اندرون سندھ جانے والی مسافر کوچ سے غیر ملکی سامان کی بڑی (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سابق وائس چانسلر یونیورسٹی آف بلوچستان بریگیڈیئر (ر) آغا احمد گل ملاقات کر رہے ہیں

تیل برآمد کرنے والے 7 بڑے ممالک کا نومبر میں تیل کی پیداوار کو مستحکم رکھنے پر اتفاق

اسرائیلی جنگ شروع ہونے سے قبل ایک سال کے دوران اوسط برآمدات 18 ملین بیرل یومیہ تھیں

اوپیک پلس کا ذیلی گروپ تیل کی مارکیٹ کی صورت حال کا جائزہ لینے کے لیے یکم نومبر کو دوبارہ اجلاس منعقد کرے گا، رپورٹ

جدہ (جی این ایم) بڑے تیل برآمد کنندگان ممالک نے نومبر میں تیل کی پیداوار مستحکم رکھنے پر اتفاق کر لیا عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق 7 بڑے تیل برآمد کرنے والے ممالک نے نومبر میں تیل کی پیداوار کو مستحکم رکھنے پر اتفاق کیا ہے سعودی عرب، روس، عراق، کویت، قازقستان، الجیریا اور عمان پر مشتمل اوپیک پلس کا یہ ذیلی گروپ تیل کی مارکیٹ کی صورت حال (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

اساتذہ کے حقوق، مسائل کے حل اور پیشہ ورانہ وقار کے لیے ہمیشہ ہراول دستے کا کردار ادا کرے گی

اساتذہ کی محنت اور قربانیاں پاکستان کے روشن مستقبل کی بنیاد ہیں، بلاول بھٹو

استاد صرف نصاب نہیں پڑھاتا بلکہ شاگردوں میں شعور، تنقیدی سوچ اور سوال کرنے کی ہمت پیدا کرتا ہے

اسلام آباد (آن لائن) پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر ملک بھر کے اساتذہ کو مبارکباد دیتے ہوئے ان کی خدمات، محنت اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے پیغام میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ اساتذہ کی محنت اور قربانیاں پاکستان کے روشن مستقبل کی بنیاد ہیں، استاد صرف نصاب نہیں پڑھاتا بلکہ شاگردوں میں شعور، تنقیدی سوچ اور سوال کرنے کی ہمت (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کی اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی سے ملاقات

کوئٹہ (یو این اے) رکن قومی اسمبلی وصوبائی جنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ (ن) جمال شاہ کاکڑ اور اسپیکر بلوچستان اسمبلی (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

کوئٹہ میں ریونیو اور زرعی انکم ٹیکس کی وصولی کا جائزہ اجلاس

ٹیکس وصولی موثر بنانے اور ریکارڈ میں شفافیت و درستگی یقینی بنانے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) کوئٹہ حافظ محمد طارق کی زیر صدارت ریونیو ٹیکسز اور زرعی انکم ٹیکس کی وصولی، ریکارڈ کی جانچ پڑتال اور متعلقہ امور کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں تمام متعلقہ تحصیلداران، نائب تحصیلداران، پٹواریوں اور دیگر متعلقہ اہلکاروں نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع کوئٹہ میں ریونیو ٹیکسز اور زرعی انکم ٹیکس کی موجودہ صورتحال، وصولی کے اہداف، بقایاجات اور ریکارڈ کی جانچ پڑتال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) حافظ محمد طارق نے متعلقہ افسران و اہلکاران کو ہدایت کی کہ زرعی انکم ٹیکس اور دیگر سرکاری واجبات کی وصولی کے عمل کو مزید موثر بنایا جائے، ریکارڈ کو مکمل اور درست رکھا جائے جبکہ ٹیکس دہند (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

گڈانی شپ ری سائیکلنگ یارڈز کی سیکیورٹی و انتظامی امور سے متعلق جائزہ اجلاس

گڈانی (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن کی زیر صدارت گڈانی شپ ری سائیکل (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

ٹرانسپورٹ شعبہ کے استحکام کیلئے سنجیدہ اقدامات ناگزیر ہیں، ٹرانسپورٹر

کوئٹہ (یو این اے) آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی کے صدر حاجی حبیب اللہ خان بادیزئی، جنرل سیکرٹری میر اکبر لہڑی نے کہا ہے کہ ٹرانسپورٹ شعبہ اس وقت شدید مالی (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہے گا، محکمہ موسمیات کی رپورٹ جاری

تربت میں درجہ حرارت 42، سبی میں 38 جبکہ کوئٹہ میں 30 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہے گا۔ صوبے کے مختلف شہروں میں ریکارڈ کیے گئے درجہ حرارت کے مطابق کوئٹہ میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 30، قلات میں 26، زیارت میں 24 اور ژوب میں 33 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ اسی طرح سبی میں درجہ حرارت 38، لورالائی میں 37، چمن میں 32 اور صوبے کے گرم ترین شہر تربت میں درجہ حرارت 42 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا۔ علاوہ ازیں ساحلی علاقوں میں بھی موسم نسبتاً معتدل رہا، جہاں گوادر میں زیا (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

استاد معاشرے میں علم، شعور اور مثبت اقدار کے فروغ کا بنیادی ذریعہ ہے، سیدال ناصر

قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر کا عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر ملک بھر کے اساتذہ کو خراج تحسین پیش

ملک بھر کے اساتذہ کی تعلیمی وقومی خدمات قابل تحسین ہیں، ان کی محنت اور عزم پاکستان کے روشن اور بہتر مستقبل کی بنیاد ہے

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر ملک بھر کے اساتذہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ استاد معاشرے میں علم، شعور اور مثبت اقدار کے فروغ کا بنیادی ذریعہ ہے۔ سیدال خان ناصر نے کہا کہ اساتذہ نوجوان نسل کی سوچ اور مستقبل کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، مضبوط اور ترقی یافتہ پاکستان کے لیے علم وتحقیق سے آر (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

• ABC CERTIFIED •
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

اساتذہ قوم کے مستقبل کے معمار ہیں

میر ظہور بلیدی کا عالمی یوم اساتذہ پر اساتذہ کو خراج تحسین میر ظہور بلیدی نے عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر ملک بھر بالخصوص بلوچستان کے اساتذہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اساتذہ قوم کے مستقبل کے معمار ہیں، ان کی محنت اور رہنمائی روشن مستقبل کی بنیاد ہے۔ میر ظہور بلیدی نے کہا کہ تعلیم ترقی کی بنیادی شرط اور معاشرے کی خوشحالی کا اہم ذریعہ ہے۔ بلوچستان کی پائیدار ترقی کے لیے معیاری تعلیم کا فروغ ناگزیر ہے اور ہر بچے تک تعلیم کی رسائی یقینی بنانا ہماری اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ استاد صرف علم منتقل نہیں کرتا بلکہ طلبہ کی کردار سازی اور انہیں ایک ذمہ دار شہری بنانے میں بھی بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔ اساتذہ کو ضروری سہولیات اور سازگار تعلیمی ماحول کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ میر ظہور بلیدی کا کہنا تھا کہ تعلیم یافتہ نوجوان بلوچستان کا روشن مستقبل ہیں، جبکہ تعلیم میں سرمایہ کاری دراصل مستقبل میں سرمایہ کاری ہے۔ مضبوط اور معیاری تعلیمی نظام ہی ایک ترقی یافتہ، باشعور اور خوشحال معاشرے کی ضمانت بن سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ کا احترام صرف ایک دن تک محدود نہیں ہونا چاہیے بلکہ پورے معاشرے کی مستقل ذمہ داری ہے۔ قوموں کی تعمیر میں اساتذہ کا کردار ہمیشہ بنیادی اور ناقابل فراموش رہا ہے۔ میر ظہور بلیدی نے عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر تمام اساتذہ کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی خدمات، محنت اور قربانیاں قوم کے روشن مستقبل کی ضمانت ہیں

بقیہ 01

اثرات پر مشاورت ہوگی۔ ذرائع کے مطابق مذاکراتی عمل میں پیش رفت نہ ہونے کی صورت میں آئندہ سیاسی حکمت عملی پر بھی غور کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق خیبر پختونخوا میں ممکنہ آئینی اقدامات کے قانونی اور سیاسی پہلوؤں کا جائزہ لیا جائے گا۔ گورنر راج یا ایمرجنسی کے نفاذ سمیت مختلف آئینی آپشنز پر وزیراعظم اور صدر میں مشاورت متوقع ہے۔ گورنر راج یا ایمرجنسی کے نفاذ سے متعلق حتمی فیصلہ وزیراعظم، صدر اور رفقاء باہمی مشاورت سے کریں گے۔ لانگ مارچ، صوبائی حکومت کے کردار اور امن و امان کی صورتحال کو سامنے رکھتے ہوئے آئندہ لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق خیبر پختونخوا میں آئینی آپشن استعمال کرنے سے متعلق تمام سیاسی اور قانونی پہلوؤں پر غور ہوگا، وفاقی حکومت کی جانب سے صوبے میں امن وامان برقرار رکھنے کے لیے ممکنہ اقدامات پر بھی مشاورت ہوگی۔

بقیہ 02

ان صاحب ٹوئٹر پر ٹرینڈ رہا۔ پارٹی کے سوشل میڈیا سیل نے عمران خان کی سالگرہ پر بچوں میں تحائف تقسیم کیے، تحریک انصاف نے عمران خان کے فالوورز کو نرم دلی کے مظاہرے کی بھی تلقین کی۔

بقیہ 03

سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر اپنے بیان میں جنید اکبر نے دعویٰ کیا ہے کہ 8 اکتوبر کو پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا احتجاج ہوگا، تاہم اس کے ساتھ ہی انہوں نے پارٹی کے اندر موجود مبینہ مفاد پرست عناصر کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا کہ جو قیادت بانی چیئرمین عمران خان کے بیانیے اور نظریے کے ساتھ نہیں چل سکتی، وہ مہربانی کر کے خود ایک طرف ہو جائے اور دوسروں کو آگے بڑھنے کا موقع فراہم کرے۔ جنید اکبر نے پارٹی کارکنان کو ہدایت کی کہ وہ ایسی تمام قیادت پر گہری نظر رکھیں جو صرف خانہ پری کر رہی ہے، ایسے افراد کی نشاندہی کریں اور مستقبل میں ان کے ٹکٹوں اور پارٹی عہدوں کی بھرپور مخالفت کریں، پارٹی میں اب یہ دوغلا پن مزید نہیں چلے گا کہ ایک طرف کچھ لوگ طویل جیلیں کاٹ رہے ہیں، روزانہ مقدمات اور نااہلیوں کا سامنا صرف عمران خان سے وفاداری کی پاداش میں کر رہے ہیں، دوسری طرف کچھ نام نہاد رہنما نہ تو کارکنان کا بوجھ اٹھانے کو تیار ہیں اور نہ ہی عمران خان کے نظریے کا بوجھ اٹھا سکتے ہیں۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے حوالے سے بات کرتے ہوئے جنید اکبر نے کہا کہ سہیل آفریدی کی نااہلی کی واحد وجہ صرف عمران خان سے ان کی غیر مشروط وفاداری ہوگی، اور اب اس طرح کا سلسلہ ختم ہونا چاہیے، عمران خان کے وفاداروں کے خلاف کسی بھی قسم کے ناانصافی پر مبنی فیصلے آنے کے بعد تمام رہنماؤں کو اس کرپٹ سسٹم سے باہر نکلنا ہوگا

بقیہ 04

کہا کہ حکومت نے مذاکرات میں سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کیا، مذاکرات تو جنگوں کے دوران بھی ہوتے ہیں، تحریک انصاف کا لانگ مارچ رکا نہیں اور اگر حکومت مذاکرات کے معاملے میں مخلص ہے تو عمران خان سے ملاقات کرائی جائے۔ چیئرمین پی ٹی آئی کا کہنا تھا کہ ہم پرامن ہیں اور پرامن احتجاج ہمارا حق ہے، دہشت گردی کے حوالے سے تحریک انصاف کی پالیسی زیرو ٹالرنس کی ہے۔ بیرسٹر گوہر نے مزید کہا کہ عدالتوں کے احکامات کو نظرانداز کیا جا رہا ہے، خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کا خاتمہ گورنر راج یا ایمرجنسی کے نفاذ سے ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں امن وامان کے قیام اور دہشت گردی کے خاتمے کیلئے موثر اقدامات کی ضرورت ہے۔

بقیہ 05

انہوں نے پیر کو صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی آفس میں محکمہ لوکل گورنمنٹ کی جانب سے میونسپل سروسز انیشی ایٹو 2026 کے تحت لوکل گورنمنٹ اداروں کو جدید مشینری کی فراہمی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر وزیراعلیٰ کے مشیر برائے لوکل گورنمنٹ نوابزادہ بابا امیر حمزہ زہری نے منصوبے کی خصوصیات پر روشنی ڈالی۔ تقریب میں صوبائی وزراء، میر شعیب نوشیروانی، میر صادق عمرانی، میر سلیم خان کھوسو، میر ظہور احمد بلیدی، حاجی علی مدد جتک، میر عاصم کرد گیلو، ملک نعیم بازئی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم، وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند، ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے جہانزیب خان، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ روف بلوچ، مختلف محکموں کے سیکرٹریز، کمشنر کوئٹہ، دیگر اعلیٰ حکام اور معزز مہمانوں نے شرکت کی وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ آج کا دن بلوچستان کے لیے اہم ہے، بالخصوص ان رفقاء کے لیے جو صوبے کے عوام کی خدمت کے لیے کام کر رہے ہیں بلوچستان میں یہ اپنی نوعیت کا پہلا اقدام ہے جس کے تحت میونسپل کمیٹیوں کو جدید مشینری فراہم کی جا رہی ہے تاکہ شہروں میں صفائی ستھرائی اور میونسپل سروسز کا نظام بہتر بنایا جا سکے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں لوکل گورنمنٹ کا نظام موجود ہے اور صوبہ ملک کا واحد صوبہ ہے جہاں بلدیاتی انتخابات منعقد کیے گئے ہیں۔ مقامی حکومتوں کی موجودہ مدت فروری 2027 میں مکمل ہو رہی ہے، جس کے بعد بلدیاتی انتخابات منعقد کرائے جائیں گے۔ حکومت بلوچستان آئندہ بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے لیے مکمل طور پر تیار ہے اور بلدیاتی نظام کو مزید مضبوط بنانے کے ساتھ انتخابات کے انعقاد میں کسی قسم کا حیلہ یا بہانہ نہیں کیا جائے گا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ انتخابات کے بعد میونسپل کمیٹیوں کی سطح پر عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی اور اداروں کی کارکردگی میں مزید بہتری کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔ لوکل گورنمنٹ وہ نظام ہے جس کی براہ راست رسائی عام آدمی تک ہے اور اسے موثر بنانے سے گورننس کے معیار میں بہتری آتی ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہمارے پاس انسانی وسائل محدود ہیں جبکہ عوامی ضروریات اور میونسپل سروسز کا دائرہ وسیع ہے۔ دنیا جدید ٹیکنالوجی اور مشینری کی طرف بڑھ رہی ہے، اس لیے صرف انسانی قوت کے ذریعے صفائی کا نظام موثر بنانا ممکن نہیں۔ اسی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے میونسپل سروسز کے لیے جدید مشینری فراہم کرنے کا فیصلہ کیا گیا انہوں نے کہا کہ حکومت کا فوکس میونسپل سروسز پر ہے اور دستیاب فزیکل اسپیس کو بھی مدنظر رکھتے ہوئے شہروں میں صفائی، نکاسی آب اور کچرے کی منتقلی کے نظام کو بہتر بنایا جا رہا ہے۔ حکومت کی جانب سے دیگر شعبوں میں بھی بنیادی سہولیات کی فراہمی پر کام جاری ہے اور صوبے کے اسکولز اور صحت کے مراکز فعال کیے جا رہے ہیں وزیراعلیٰ نے بتایا کہ پہلے مرحلے میں میونسپل کمیٹیوں کو 15 کے قریب سیوریج سکشن ٹرکس، 87 سینی ٹیشن رکشے، 350 سے زائد گاربیج کنٹینرز، 500 ہینڈ کارٹس اور 700 سے زائد ڈسٹ بنز سمیت مختلف مشینری اور آلات فراہم کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہینڈ کارٹس اور سینی ٹیشن رکشے اس لیے بھی اہم ہیں کہ بلوچستان کے شہروں میں بہت سی تنگ گلیاں موجود ہیں جہاں بڑے ٹرک نہیں پہنچ سکتے۔ دوسرے مرحلے میں اس مشینری اور آلات کی تعداد کو مزید بڑھایا جائے گا انہوں نے کہا کہ حکومت نے ضلعی حکومتوں کے فنڈز میں بھی اضافہ کیا ہے تاکہ مقامی سطح پر عوامی مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو بہتر بنایا جا سکے۔ چمن شہر میں صفائی کی صورتحال کا حوالہ دیتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان اسمبلی کے اسپیکر کے بیٹے کے انتقال پر وہ اور چیف سیکرٹری فاتحہ خوانی کے لیے چمن گئے تھے، راستے میں 12 سے 13 فٹ بلند کچرے کے ڈھیر دیکھے گئے۔ واپسی پر ڈپٹی کمشنر سے صورتحال کے بارے میں دریافت کیا گیا تو بتایا گیا کہ شہر میں کچرا ٹھکانے لگانے کے لیے ڈمپنگ سائٹ موجود نہیں۔ تاہم موقع پر متعلقہ ڈپٹی کمشنر کو فوری صورتحال بہتر بنانے کی ہدایت کی گئی اور اسی ڈپٹی کمشنر نے صورتحال کو چیلنج سمجھتے ہوئے پورے چمن شہر میں صفائی مہم شروع کی اور سالوں سے جمع کچرے کو ختم کیا جس سے چمن شہر میں صفائی اور کچرے کو ٹھکانے لگانے کے نظام میں نمایاں بہتری آئی وزیراعلیٰ نے عوام سے اپیل کی کہ صفائی کا اہتمام سب سے پہلے اپنے گھروں اور اردگرد کے ماحول سے شروع کریں۔ حکومت مشینری اور وسائل فراہم کر سکتی ہے، تاہم صفائی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے عوام کا تعاون اور عملی شمولیت بھی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے عوام کو نئی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں اور ان سہولیات کے استعمال اور کارکردگی کا احتساب بھی ہوگا۔ صفائی کے نظام کی نگرانی اور عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے ایسی ایپس متعارف کرائی گئی ہیں جن کے ذریعے شہری براہ راست چیف منسٹر سیکرٹریٹ تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مقامی سطح پر صفائی میں غفلت یا کوتاہی کی صورت میں انتظامی افسران اور لوکل گورنمنٹ کے متعلقہ عملے کو ذمہ دار ٹھہرایا جائے گا اور سخت باز پرس کی جائے گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت نے کوئٹہ کے لیے میٹرو ریلوے سروس شروع کی ہے، جس سے عوام کو نئی سفری سہولت میسر آئی ہے، تاہم سروس کے آغاز کے بعد معمولی نوعیت کے ایک واقعہ کو بنیاد بنا کر اعتراضات اور تنقید شروع کر دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ ٹرین کے چند نٹ بولٹ نکلنے کے واقعے کو کرپشن سے جوڑنا مناسب نہیں، یہ عوام کے لیے ایک نئی سفری سہولت ہے، اسے چلنے اور بہتر ہونے کا موقع دینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ مثبت تنقید سے حکومت کو اپنی سمت درست کرنے میں مدد ملتی ہے، تاہم ہر معاملے کو منفی انداز میں دیکھنا مناسب نہیں، خصوصاً ایسی تنقید کچھ افراد کا وطیرہ ہے جو ہر اچھے منصوبے میں بھی منفی پہلو تلاش کرتے ہیں پولی تھین بیگز کے حوالے سے وزیراعلیٰ نے کہا کہ شاپرز آلودگی میں اضافے اور صفائی کے نظام میں رکاوٹ کا ایک بڑا سبب ہیں۔ انہوں نے مشیر بلدیات کو ہدایت دی کہ پولی تھین بیگز کے خلاف مہم کی خود نگرانی کریں اور عوام و دکانداروں کو چار ماہ تک آگاہی فراہم کی جائے، جس کے بعد پورے بلوچستان میں پولی تھین بیگز پر مکمل پابندی عائد کر دی جائے گی۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے حکومت کو خدمت کا موقع دیا ہے اور اب متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ فراہم کردہ مشینری اور وسائل کو موثر انداز میں استعمال کریں۔ عام بلوچستانی جو سردیوں میں ٹھٹھرتا اور گرمیوں میں شدید گرمیوں میں جھلستا ہے اسے عملی طور پر محسوس ہونا چاہیے کہ صوبے میں تبدیلی آ رہی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے مشیر لوکل گورنمنٹ نوابزادہ امیر حمزہ زہری، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سمیت متعلقہ حکام کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ بلدیاتی ادارے اسی محنت اور جذبے کے ساتھ کام جاری رکھتے ہوئے عوام کو بہتر میونسپل اور صفائی کی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائیں گے۔ قبل ازیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے لوکل گورنمنٹ اسٹریٹجک منصوبے میونسپل سروسز انیشی ایٹو 2026 کا افتتاح کیا اور مشینری کا معائنہ کیا۔

بقیہ 06

کے حوالے سے بریفنگ دی۔ اجلاس میں دھماکہ خیز مواد کے استعمال، ذخیرہ کرنے اور نقل و حمل سے متعلق مقررہ قوانین اور حفاظتی ضوابط پر عملدرآمد کو بھی زیر غور لایا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام کیسز کا قانون اور قواعد و ضوابط کے مطابق باریک بینی سے جائزہ لیا جائے اور عوامی تحفظ کو اولین ترجیح دیتے ہوئے تمام ضروری حفاظتی اقدامات یقینی بنائے جائیں۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ کمیٹی کے فیصلوں پر بروقت عملدرآمد اور متعلقہ ریکارڈ کی مکمل جانچ پڑتال کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 07

مخالف تحریک جے یو آئی کا اگلا قدم ہے، جنوبی پنجاب کے دل ملتان میں 15 اکتوبر کو تحفظ مفتی محمود کانفرنس ہوگی، یہ کانفرنس عوامی حقوق کے تحفظ، مہنگائی اور بدامنی کے خلاف سنگ میل ثابت ہوگی۔ ترجمان نے کہا کہ مفتی محمود کانفرنس جنوبی پنجاب کی سیاسی سمت کا تعین کرے گی، مولانا فضل الرحمان، مولانا عبدالغفور حیدری و دیگر مرکزی اور صوبائی قائدین کانفرنس سے خطاب کریں گے، مولانا فضل الرحمان احتجاجی تحریک کے اگلے مرحلے کا اعلان کریں گے۔ ترجمان اسلم غوری نے کہا کہ جے یو آئی ملک میں قانون کی حکمرانی اور صاف و شفاف انتخابات، عوامی مسائل کے لیے میدان عمل میں ہے، بدامنی، مہنگائی اور بے روزگاری نے عوام کی کمر توڑ دی ہے، عوام کو اپنے حقوق کے تحفظ کے لئے جے یو آئی کے شانہ بشانہ میدان میں نکلنا ہوگا، کارکن یکسوئی، اعتماد اور نظم و ضبط سے کانفرنس کی تیاریاں تیز کریں، گلی گلی کوچے کوچے عوام کو شرکت کی دعوت دیں۔

بقیہ 08

عادل عزیز نے کیسکو ٹرانسفارمر ورکشاپ، ریجنل اسٹور اور (ایم اینڈ ٹی) ورکشاپ کے مختلف سیکشن کا معائنہ کیا۔ دورے کے موقع پر کیسکو کے منیجر ریجنل اسٹور انجینئر شبیر احمد مستوئی، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل محمد جہانزیب، ڈپٹی منیجر (ٹرانسفارمر) ورکشاپ انجینئر ثناء اللہ زہری اور ڈپٹی منیجر (ایم اینڈ ٹی) انجینئر امیر علی کٹی کے علاوہ دیگر افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ 09

جعلسازی فراڈ، مس ڈیکلریشن اور آئی پی او کی خلاف ورزیوں کے شواہد سامنے آئے ہیں۔ دونوں کمپنیوں نے مجموعی طور پر 3 ارب 32 کروڑ روپے کی درآمدات کیں۔ دونوں کمپنیوں کے نام پر 71 ہزار 815 انٹرنیٹ راؤٹرز کی درآمد کا انکشاف بھی سامنے آیا۔ رپورٹ کے مطابق بغیر پی ٹی اے ٹائپ اپروول کے راؤٹرز درآمد کرنے پر کمپنیوں سے 10 گڈز ڈیکلریشنز ضبط کرلی گئیں۔ دونوں کمپنیوں کے اصل مالکان کے بجائے فرنٹ مین استعمال کیے گئے۔ دونوں کمپنیوں کے وی بوک آئی ڈیز مبینہ طور پر متعدد خفیہ آپریٹرز نے استعمال کیے۔ کسٹمز تحقیقات کے مطابق دونوں کمپنیوں کے درمیان 108 مقامی خریداروں اور 12 غیر ملکی سپلائرز کا مشترکہ تعلق سامنے آیا۔ کسٹمز حکام نے دونوں کمپنیوں کے وی بوک یوزر آئی ڈیز معطل یا منسوخ کرنے اور دونوں کمپنیوں کے خلاف سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس کارروائی کی بھی سفارش کی۔

بقیہ 10

ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاک ایران مشترکہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سالانہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پاک ایران مشترکہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نومنتخب صدر جاوید رحیم پراچہ، سینئر نائب صدر سید علی رضا رضوی، نائب صدر میر عطا اللہ مینگل، گروپ چیئرمین ولی محمد نورزئی، سابقہ کابینہ ارکین حاجی رفو گل بڑیچ، قاری نعیم الرحمٰن، ملک ندیم کاسی، اسد نورزئی، حاجی سلام، ڈاکٹر فرحت حسین، تاج محمد بڑیچ، ماسٹر نادر، چوہدری رفعت، نعیم رمضان، خواتین چیمبر کی صدر شریں یونس، فرزانہ کریم بلوچ سمیت دیگر بھی موجود تھے گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے چیمبر کے سابق عہدیداران کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے نومنتخب عہدیداران اور ممبران کو مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ کاروباری برادری کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے حالات کو بہتر بنانے میں بھرپور کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بزنس کمیونٹی نہ صرف ملک اور صوبے کی معاشی خوشحالی میں اہم کردار ادا کرتے ہوئے بڑی تعداد میں لوگوں کو روزگار بھی فراہم کر رہی ہے۔ اس لیے بزنس کمیونٹی کو ہر شعبے کو مضبوط اور موثر بناتے ہوئے اس کو وسعت دینے میں اپنا کردار ادا کرتے ہوئے آگے بڑھنا ہوگا کیونکہ ہمیشہ سے بزنس کمیونٹی کھڑا رہی ہے۔ جہاں بھی ان کی ضرورت ہوگی، وہ بزنس کمیونٹی کے ساتھ موجود ہوں گے اور ان کے مسائل کے حل کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کرتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ شاہراہوں کا تحفظ ایک بڑا چیلنج ہے تاہم اس حوالے سے سیاسی مذاکرات اور سیکورٹی اقدامات دونوں کو ضرورت کے مطابق بروئے کار لایا جائے گا تاکہ اس صورتحال کو بہتر بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے وزیراعظم پاکستان کو بلوچستان کی بزنس کمیونٹی کے دیرینہ مسائل کے حل ٹیکس میں کمی کیلئے جو بھی مثبت تجاویز دیں انہوں نے فوری طور پران پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے پراپرٹی ٹیکس کو ریشنل لیول پر لانے کے لئے ٹیکس میں کمی کی اور بزنس کمیونٹی کے جو بھی مسائل ہیں ان کے حل اور ایران کے ساتھ تجارت کے فروغ کو بڑھانے کے لئے جو بھی تجاویز دیں گے اس پر عملدرآمد کرائیں گے میں نے ایران کے قونصل جنرل سے ملاقات کروں گا کہ ہم نے اپنے لوگوں اور کاروباری حضرات کی سہولت کے لئے گوادر اور تربت کے لئے فلائٹ سروس شروع کرائی ہے اور اب آذربائیجان کے ساتھ ساتھ ژوب، ملتان کے لئے بھی فلائٹ سروس شروع کروا رہے ہیں جس سے ہمارے لوگوں کو تجارتی سرگرمیوں کے لئے آنے جانے میں آسانی میسر آئے گی انہوں نے کہا کہ بزنس کمیونٹی اور چیمبرز کو اپنے ورکنگ ریلیشن بڑھانے چاہئے تاکہ مل جل کر کام کریں تقسیم ہمیشہ ہماری کمزور کرتی ہے لیکن ہم نے کمزوری کو ختم کرکے متحد ہوکر اپنے لوگوں کی بہتری اور مسائل کے حل کیلئے کام کرنا ہے انہوں نے بتایا کہ یورپ کے ویزوں کے حصول کے لئے جیریز اپنا دفتر یہاں فعال بنا رہی ہے جس سے لوگوں کو فائدہ ہوگا۔ قبل ازیں گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل کو گروپ چیئرمین ولی محمد نورزئی نے گولڈ میڈل پیش کیا۔

بقیہ 11

انہوں نے کہا وزیراعظم شہباز شریف نے امریکہ روانگی سے قبل امیر جماعت اسلامی سے ٹیلی فونک رابطہ کیا تھا جس میں انہیں یقین دہانی کرائی گئی تھی کہ وہ وطن واپسی پر اس معاملے کو دیکھیں گے جس کے بعد حافظ نعیم الرحمان نے کراچی سے شروع ہونے والا لانگ مارچ موخر کرنے کا اعلان کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پٹرولیم مصنوعات پر ریلیف پیکیج کو زبردست قرار دے رہی ہے، ریلیف بھی سب کو نہیں مل پا رہا، یہ صرف 20 سے 25 فیصد لوگوں کو مل رہا ہے، پاکستان میں اڑھائی کروڑ موٹر سائیکل 40 لاکھ سے زائد گاڑیاں ہیں۔ انہوں نے دعوی کیا کہ حکومت ریلیف دینے کے موڈ میں نہیں تھی، احتجاج اور دھرنے شروع ہونے تو حکومت اس جانب آئی، اپوزیشن پارٹیاں عوامی حقوق کی بات نہیں کرتی۔ امیر جماعت اسلامی کا مزید کہنا تھا کہ امیروں کے لئے الگ نظام بنالیں، بڑی گاڑیوں کے لئے فیول مہنگا کر دیں، حکومت نے 26 ارب روپے ریلیف ماہانہ کا اعلان کیا مگر ڈیڑھ سو ارب ماہانہ وصول کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پبلک ٹرانسپورٹ میں سفر کرنے والوں کے لئے کوئی ریلیف نہیں، ریلیف پیکیج نہیں، لیوی کا خاتمہ اصل ریلیف ہے، ہم نے پوائنٹس بھی بتائے ہیں کہ یہ کیسے ممکن ہوگا۔ حافظ نعیم الرحمن نے واضح کیا کہ ہم ایک دن کے لئے بھی ان مطالبات سے دستبردار نہیں ہوئے، یہ بھتہ حکومت کو ختم کرنا پڑے گا، ہم دوبارہ ملتان سے کسی بھی وقت احتجاج کا سلسلہ دوبارہ شروع کر دیں گے۔ وزیر اعظم کو اپنا وعدہ پورا کرکے ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا چاہیے، ہم نے 7 اکتوبر 2026 تک کا وقت اہل غزہ کے لئے مختص کیا ہے، اس کے بعد ہم آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کریں گے جس کے بعد میں حکومت کو ہم سے شکایت نہیں ہونی چاہیے۔ فلسطین میں اسرائیلی بربریت کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا کہ ہم فلسطینیوں کے لیے بات کرتے رہیں گے، فلسطینیوں کی نسل کشی کی جارہی ہے، جس میں امریکا بھی سہولت کار ہے، فلسطینی پوری امت کے لئے قربانی دے رہے ہیں، مظلوموں کے ساتھ کھڑے ہیں، ظالم کے ساتھ نہیں۔

بقیہ 12

دستبردار ہونے پر آمادہ نہیں۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ پی ٹی آئی کے رہنما بار بار موقف تبدیل کرنے اور یوٹرن لینے کے لیے جانے جاتے ہیں۔ ان کے مطابق تحریک انصاف کو اپنی پالیسیوں میں واضح فیصلہ کرنا ہوگا کہ وہ پاکستان کے ساتھ کھڑی ہے یا افغانستان کے ساتھ۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے الزام عائد کیا کہ خیبر پختونخوا حکومت صوبے کے عوام کو دہشتگردی سے تحفظ فراہم کرنے میں ناکام رہی ہے اور اس کی پالیسیوں سے دہشتگردی کے فروغ کے خدشات پیدا ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کو دہشتگردی کے خلاف موثر کارروائیوں کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری کرنا ہوں گی۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ پی ٹی آئی کی قیادت کو یہ بات سمجھنی چاہیے کہ ریاستی وسائل اور مراعات پاکستان سے حاصل ہوتے ہیں، اس لیے ملکی سلامتی کے معاملے پر واضح قومی موقف اختیار کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے پی ٹی آئی کی بعض پالیسیوں پر تنقید کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ ان کا فائدہ پاکستان سے حاصل کیا جاتا ہے جبکہ حمایت افغانستان کے حق میں کی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کی جانب سے جس "پالیسی تبدیلی" کی بات کی جارہی ہے، حکومت کے نزدیک وہ دہشتگردوں کو تحفظ فراہم کرنے کے مترادف ہے۔ وفاقی وزیر نے الزام عائد کیا کہ صوبائی حکومت کی پالیسیوں کے باعث خیبر پختونخوا میں امن وامان کی صورتحال متاثر ہوئی ہے اور معصوم شہریوں، بچوں اور امدادی کارکنوں کی جانیں ضائع ہو رہی ہیں۔ عطاء اللہ تارڑ نے خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی پر بھی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں دہشتگردی کے واقعات کے باوجود ان کی توجہ دیگر سیاسی معاملات پر مرکوز ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے سوال اٹھایا کہ خیبر پختونخوا حکومت کو صوبائی ایپکس کمیٹی کے اجلاس بلانے سے کس نے روکا ہے۔ ان کے مطابق دہشتگردی کے خلاف مربوط حکمت عملی کے لیے صوبائی سطح پر متعلقہ اداروں اور قیادت کو موثر انداز میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ عطاء اللہ تارڑ نے مزید دعویٰ کیا کہ خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کی حکومت کے دوران انسداد دہشتگردی کے لیے قومی مالیاتی کمیشن کے تحت 700 ارب روپے سے زائد رقم صوبے کو فراہم کی جا چکی ہے، تاہم ان کے بقول صوبائی حکومت دہشتگردوں کے خلاف موثر کارروائیاں کرنے میں سنجیدہ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام کا تحفظ صوبائی حکومت کی آئینی اور انتظامی ذمہ داری ہے اور دہشتگردی کے خاتمے کے لیے سیاسی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر عملی اقدامات کرنا ہوں گے۔

بقیہ 13

اظہار کرتے ہوئے ملزمان کی ضمانت کی درخواستوں پر سماعت ملتوی کی۔ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی ضمانت کی درخواستوں پر سماعت انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ابو الحسنات ذوالقرنین نے کی۔ تفتیشی افسر کی غیر موجودگی پر جج برہم ہو گئے اور ڈی ایس پی کو ذاتی حیثیت میں طلب کرلیا۔ وکیل صفائی ریاست علی نے کہا کہ عدالت میں تفصیلی دلائل دینے کے لیے تیار ہوں، جس پر جج نے استفسار کیا کہ تفتیشی افسر کدھر ہیں؟ عدالتی اہلکار نے بتایا کہ تفتیشی افسر شہر سے باہر ہے۔ جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کدھر آف سٹی ہیں؟ بلائیں ڈی ایس پی کو، زبانی کلامی باتیں تو نہیں مانی جائیں گی۔

بقیہ 14

طور سے اس کو ربا کر یہ موجودہ موروثی سیاسی ٹیموں سے پاکستان کو مزید تباہ کر دیا ہے آپ نے 71 میں محب وطن بنگالیوں کو بھی اسی طرح ناراض کیا ہے اور اب بلوچستان میں بسنے والے پشتون اور خیبر پختونخوا کے پشتونوں کو غدار دہشتگرد کے لقب دے کر انکا قتل کر رہے ہوں اس سے یہ پشتون دشمنی کا نقصان پاکستان کو ہو چکا ہے یہ قتل عام پشتونوں کا بند کرو ورنہ ذمہ دار اور پنجاب اور سندھ جو کہ تاریخی طور سے انگریزوں مغلوں اور سکھوں کے غلام ہے انکی تاریخ سب کو پتہ ہے۔

بقیہ 15

کیا گیا اجلاس میں بھاگ شہر و دواح میں چوری ڈکیتی راہزنی مسافروں تاجروں وشہریوں کو دن دہاڑے لوٹنے کے واقعات پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا شرکا نے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ ریاستی اداروں اور انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے، تاہم مسلسل وارداتوں کے باعث شہری عدم تحفظ و خوف کا شکار ہیں اجلاس میں ڈکیتی کے متاثرہ زخمی محمد اسماعیل مغیری بازار کے تاجر رتن کمار عبدالحئی متاثرہ اسکول اساتذہ مسافروں اور ڈکیتی سے متاثرہ شہریوں سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے ضلعی انتظامیہ اور پولیس حکام سے مطالبہ کیا گیا کہ امن وامان کی بحالی کے لئے عملی اور مؤثر اقدامات کیے جائیں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے پولیس گشت کو مؤثر بنانے اور وارداتوں میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لانے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں اجلاس میں نیشنل بینک بھاگ برانچ کی سبی منتقلی کے فیصلے پر بھی برہمی کا اظہار کیا گیا اور متفقہ طور پر قرار داد منظور کی گئی اور قرارداد میں مطالبہ کیا گیا کہ بھاگ ناڑی کے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلیے اداروں سے محروم کرنے کے فیصلوں پر نظرثانی کی جائے اور عوامی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے نیشنل بینک کو بھاگ ناڑی ہی میں برقرار رکھا جائے۔ شرکاء نے کہا کہ علاقے کے عوام پہلے ہی بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی سے دوچار ہیں۔

بقیہ 16

بنانے میں اساتذہ کے اہم کردار کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ آج منائے جانے والے عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر اپنے پیغامات میں انہوں نے آئندہ نسلوں کی تشکیل میں اساتذہ کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے تعلیمی نظام کو مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ صدر آصف علی زرداری نے اپنے پیغام میں کہا کہ اساتذہ علم بانٹنے کے ساتھ ساتھ طلبہ میں تجسس کو پروان چڑھانے اور ان کی کردار سازی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، اساتذہ نوجوانوں کو معاشرے کے ذمہ دار اور مفید شہری بننے کے لیے درکار مہارتیں اور اقدار فروغ دینے میں مدد دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سال عالمی یوم اساتذہ کا موضوع اساتذہ کے ساتھ یکجہتی، پیشے کے تحفظ، اس کی حیثیت کے فروغ اور مستقبل کی تشکیل میں اساتذہ کے کردار کو اجاگر کرتا ہے، اساتذہ کی خدمات کو تسلیم کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں پیشہ ورانہ معاونت اور ترقی کے بہتر مواقع فراہم کرنا بھی ضروری ہے تاکہ وہ اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں انجام دے سکیں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اپنے پیغام میں کہا کہ تعلیمی ادارے اور اساتذہ کردار سازی میں اہم کردار ادا کرتے ہوئے قومی ترقی اور خوشحالی کی بنیاد رکھتے ہیں۔ وزیراعظم نے ملک بھر میں دانش سکولوں کے قیام کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ ان اداروں کے ذریعے باصلاحیت اور ذہین طلبہ خصوصاً معاشی طور پر کمزور پس منظر رکھنے والے بچوں کو معیاری تعلیم تک رسائی فراہم کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی ترقی کے لیے معیاری تعلیم کا فروغ اور نوجوان نسل کی بہتر تربیت ناگزیر ہے، جس میں اساتذہ کا کردار مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔

بقیہ 17

بہت شامل ہے۔ انہوں نے ملک بھر کے اساتذہ، بالخصوص محدود وسائل میں نئی نسل کی تعلیم و تربیت میں مصروف اساتذہ کو خراج تحسین پیش کیا۔ احسن اقبال نے کہا کہ امن، تعلیم اور ترقی ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ امن بچوں کو سیکھنے کا موقع دیتا ہے، تعلیم نوجوانوں کے لیے امکانات پیدا کرتی ہے جبکہ ترقی خاندانوں کو بہتر مستقبل کی امید فراہم کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسکول، کالج اور جامعات پاکستان کے مستقبل کی بنیاد ہیں، تاہم کسی بھی تعلیمی ادارے کو حقیقی معنوں میں عظیم اس کے اساتذہ بناتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مصنوعی ذہانت، خودکار ٹیکنالوجی اور موسمیاتی تبدیلی دنیا کو تیزی سے تبدیل کر رہے ہیں، اس لیے تعلیمی نظام کو بھی مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ہوگا۔ طلبہ کو صرف امتحانات پاس کرنے کے لیے نہیں بلکہ آنے والے برسوں کے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار کرنا ہوگا۔ وفاقی وزیر نے اساتذہ پر زور دیا کہ وہ طلبہ میں سوال کرنے، تحقیق کرنے، شواہد پرکھنے اور مسائل کے حل کی صلاحیت پیدا کریں۔ انہوں نے کہا کہ ایسی جماعتیں قائم کرنے کی ضرورت ہے جہاں تجسس کی حوصلہ افزائی ہو، کوشش کی قدر ہو اور غلطی کو سیکھنے کا ذریعہ سمجھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل کے استاد کو خود بھی زندگی بھر سیکھنے کا عمل جاری رکھنا ہوگا۔ تدریس کے نئے طریقوں، جدید ٹیکنالوجی اور نئی دریافتوں سے آگاہی اساتذہ کی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کا اہم حصہ ہے۔ احسن اقبال نے مصنوعی ذہانت کے دانشمندانہ اور ذمہ دارانہ استعمال کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ٹیکنالوجی طلبہ کے سیکھنے کے نئے مواقع پیدا کر سکتی ہے، تاہم انہیں معلومات کی تصدیق، تنقیدی سوچ اور اپنے فیصلوں کی ذمہ داری قبول کرنا بھی سکھانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکنالوجی جواب فراہم کر سکتی ہے، لیکن استاد نوجوان کو سوال سمجھنے اور درست جواب کا انتخاب کرنے کی صلاحیت دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم کا مقصد صرف ہنرمند افراد پیدا کرنا نہیں بلکہ باکردار شہری تیار کرنا بھی ہے۔ دیانت، ہمدردی، فرض شناسی، دوسروں کے احترام اور شہری ذمہ داریوں کا شعور نئی نسل کی تربیت کا لازمی حصہ ہونا چاہیے۔ وفاقی وزیر نے اساتذہ پر زور دیا کہ وہ ہر بچے کو آگے بڑھنے کا منصفانہ موقع دیں اور ان طلبہ کی خصوصی حوصلہ افزائی کریں جو غربت، گھریلو مشکلات یا خود اعتمادی کی کمی جیسے مسائل کا سامنا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی بچے کی موجودہ مشکل کو اس کی صلاحیت کی آخری حد نہیں سمجھنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ بیٹیوں کو اپنے خوابوں کی تعبیر کے لیے اعتماد دینا اور کم وسائل رکھنے والے خاندانوں کے بچوں کو یہ یقین دلانا ضروری ہے کہ مواقع پر ان کا بھی برابر حق ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ تعلیم کو عملی زندگی سے جوڑنے کی ضرورت ہے تاکہ طلبہ اپنے اردگرد کے مسائل کا مشاہدہ، تحقیق اور حل تلاش کرنے کی صلاحیت حاصل کریں۔ انہوں نے کہا کہ اڑان پاکستان کے تحت برآمدات، ٹیکنالوجی، ماحولیاتی تحفظ، بنیادی ڈھانچے اور منصفانہ ترقی کے اہداف انسانی صلاحیتوں کے فروغ سے ہی حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ تعلیمی معیار کی بہتری کے لیے حکومت اور تعلیمی قیادت کو اساتذہ کو مناسب تدریسی مواد، سہولیات، عملی تربیت اور پیشہ ورانہ معاونت فراہم کرنا ہوگی۔ نصاب، اساتذہ کی تربیت اور امتحانی نظام کو ایک دوسرے سے ہم آہنگ کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ہم استاد سے تخلیقی صلاحیت پیدا کرنے کا تقاضا کریں لیکن امتحانی نظام میں صرف رٹے کو ترجیح دیں تو یہ متضاد پیغام ہوگا۔ تعلیمی اصلاحات کا اصل مقصد انفرادی جماعت اور طالب علم تک موثر انداز میں پہنچنا ہونا چاہیے۔ احسن اقبال نے اساتذہ پر زور دیا کہ وہ ہر طالب علم میں موجود صلاحیت کو پہچانیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ انہوں نے کہا کہ استاد کے چند حوصلہ افزا الفاظ کسی بچے کی زندگی کا رخ بدل سکتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ممکن ہے طلبہ استاد کا پڑھایا ہوا کوئی مخصوص سبق بھول جائیں، لیکن وہ اس استاد کو ہمیشہ یاد رکھتے ہیں جس نے ان کی بات سنی، ان کے ساتھ انصاف کیا اور انہیں خود پر یقین کرنا سکھایا۔ انہوں نے اساتذہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ نارووال کی ہر جماعت ایسی جگہ ہونی چاہیے جہاں صلاحیت دریافت ہو، کردار مضبوط ہو اور امید کو نئی زندگی ملے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ اساتذہ کی تربیت یافتہ نسل ایک ایسا پاکستان تعمیر کرے گی جو اپنی شناخت پر پراعتماد، اپنے کام میں باصلاحیت، اپنے لوگوں کے لیے شفیق اور دنیا میں باعزت مقام کا حامل ہو۔ وفاقی وزیر نے یوم اساتذہ کے موقع پر اساتذہ کو مبارکباد دیتے ہوئے ملک، بالخصوص نارووال کی ترقی اور پاکستان کی سربلندی کے لیے دعا بھی کی۔

بقیہ 18

تک جیٹ فیول کی فی لیٹر قیمت میں مجموعی طور پر 9 روپے 5 پیسے کا اضافہ ہو چکا ہے۔ جیٹ فیول مہنگا ہونے کے باعث ایئرلائنز کے آپریشنل اخراجات میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ ایوی ایشن ذرائع کے مطابق ایئرلائنز کی جانب سے فضائی سفر کے ٹکٹ مہنگے کرنے کا عندیہ دیا گیا ہے۔

بقیہ 19

اکبر سجاد، ڈاکٹر عادل، ڈاکٹر اسامہ جمالی، ڈاکٹر زوہیب، ڈاکٹر سالم، ڈاکٹر کریم، ڈاکٹر شعیب، ڈاکٹر ہارون، ڈاکٹر نورین ریاض، ڈاکٹر شمیر ید، ڈاکٹر زم زم، ڈاکٹر شہاب، ڈاکٹر چاکر، ڈاکٹر وحید، ڈاکٹر زرین، ڈاکٹر طفیل، ڈاکٹر حمزہ، ڈاکٹر پرویز یعقوب، ڈاکٹر محسن جمیل، ڈاکٹر عامر عطاء، ڈاکٹر سیما عطاء، ڈاکٹر ہما اختر، ڈاکٹر صبرین، ڈاکٹر سارہ بتول، ڈاکٹر اکبر، ڈاکٹر کامران، ڈاکٹر عبدالغفور سمیت دیگر ڈاکٹروں نے خدمات انجام دیں اس موقع پر ہزاروں مریضوں کا چیک اپ اور علاج فراہم کیا گیا فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد پچاس بیڈ ہسپتال خداداد ان کے ایم ایس ڈاکٹر کامران علی بلوچ کی نگرانی میں ہوا۔

بقیہ 20

باشندوں کے خلاف قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بعد انہیں وطن واپس بھیج دیا گیا۔ حکام کے مطابق جنوبی بلوچستان میں غیر قانونی طور پر داخل ہونے اور مقیم رہنے والے افراد کے خلاف کارروائیوں کا مقصد غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام اور علاقے میں امن و امان کو مزید مؤثر بنانا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ افغانستان میں جاری معاشی مشکلات اور طالبان حکومت کی پالیسیوں کے باعث بعض افغان شہری غیر قانونی راستوں سے پاکستان میں داخل ہونے کی کوشش کرتے ہیں۔ سیکیورٹی اداروں کی جانب سے ایسے غیر قانونی داخلے کی روک تھام کے لیے سرحدی اور حساس علاقوں میں نگرانی مزید مؤثر بنائی جا رہی ہے۔ سیکیورٹی حکام نے واضح کیا ہے کہ غیر قانونی سرگرمیوں اور غیر قانونی آمد و رفت کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی، جبکہ قانونی تقاضے پورے کرتے ہوئے گرفتار افراد کو متعلقہ حکام کے ذریعے واپس بھیجا جائے گا۔

بقیہ 21

کا جائزہ لینے کے لیے نومبر کو دوبارہ اجلاس منعقد کرے گا اس سے قبل جی سیون ممالک نے 100 ملین بیرل تیل و پیٹرولیم مصنوعات میں سے ڈیزل کا بڑا حصہ اگلے 20 روز میں ریلیز کرنے کا وعدہ کیا ہے، جبکہ باقی حصہ اگلے 4 ماہ کے دوران فراہم کیا جائے گا دوسری جانب شپ ٹریکنگ فرم کپلر نے دعویٰ کیا ہے کہ ستمبر کے آخری ہفتے کے 7 دنوں میں سے 4 دن مشرق وسطی سے خام تیل کی برآمدات جنگ سے پہلے کی سطح سے زیادہ رہیں۔ رائٹرز کے مطابق بحری جہازوں کی نقل و حرکت پر نظر رکھنے والی کمپنی کپلر کے اعداد و شمار میں انکشاف کیا گیا ہے کہ 24 ستمبر اور 27 سے 29 ستمبر کے دوران خطے سے خام تیل کی برآمدات روزانہ 19.5 ملین سے 22.5 ملین بیرل تک پہنچ گئیں جبکہ ایران کے خلاف امریکی اور اسرائیلی جنگ شروع ہونے سے قبل ایک سال کے دوران اوسط برآمدات 18 ملین بیرل یومیہ تھیں۔

بقیہ 22

دباؤ کا شکار ہے، بڑھتے ہوئے اخراجات، ٹیکسز، ٹول ٹیکس اور دیگر مسائل کے باعث ٹرانسپورٹرز کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ حکومت ٹرانسپورٹرز کو درپیش مسائل کا فوری نوٹس لے اور ان کے حل کیلئے عملی اقدامات اٹھائے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹ کا شعبہ ملکی معیشت اور عوام کو سفری سہولیات کی فراہمی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، تاہم مسلسل بڑھتے ہوئے اخراجات نے ٹرانسپورٹرز کیلئے کاروبار جاری رکھنا مشکل بنا دیا ہے۔ ڈیزل، گاڑیوں کے پرزہ جات، ٹائرز، مرمت اور دیگر اخراجات میں اضافے کے باعث ٹرانسپورٹرز شدید مالی مشکلات سے دوچار ہیں، جبکہ دوسری جانب مسافروں کی مالی مشکلات کے پیش نظر کرایوں میں اضافہ بھی آسان نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹرز ملکی معیشت کا اہم حصہ ہیں اور ہزاروں خاندانوں کا روزگار اس شعبے سے وابستہ ہے۔ حکومت ٹرانسپورٹرز کے نمائندوں سے بامقصد مذاکرات کرے اور مسائل کے مستقل حل کیلئے جامع پالیسی تشکیل دے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ٹرانسپورٹرز پر عائد غیر ضروری بوجھ کم کیا جائے، ٹیکسز اور دیگر اخراجات پر نظرثانی کی جائے اور انہیں درپیش عملی مشکلات کے ازالے کیلئے فوری اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹرز عوام کو محفوظ، آرام دہ اور بروقت سفری سہولیات کی فراہمی کیلئے اپنا کردار ادا کر رہے ہیں، اس لیے حکومت کو بھی ٹرانسپورٹ شعبے کے استحکام کیلئے سنجیدہ اقدامات اٹھانے چاہئیں۔

بقیہ 23

ٹنگ یارڈ کی سیکورٹی و انتظامی امور سے متعلق جائزہ اجلاس BDA آفس گڈانی میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر حب، ایس ایس پی حب، ونگ کمانڈر ایف سی ونگ 147، ڈی ایس پی اسپیشل برانچ، سیکرٹری جنرل PSBA، جنرل منیجر B D A، فوکل پرسن D-SENREC/ILO، پروجیکٹ ڈائریکٹر MUGSBRI اور چیئرمین میونسپل کمیٹی گڈانی نے شرکت کی۔ اجلاس میں شپ بریکنگ انڈسٹری کی سیکورٹی، ٹریفک، پروٹوکول اور دیگر انتظامی امور کا جائزہ لیا۔

بقیہ 24

دو سے زیادہ درجہ حرارت 30 اور جولائی میں 31 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ 25

اس نسل کی تیاری ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ کو جدید تعلیمی وسائل اور پیشہ ورانہ تربیت کے مواقع فراہم کرنا ناگزیر ہے، جبکہ ڈیجیٹل دور میں اساتذہ کو جدید ٹیکنالوجی اور نئے تعلیمی رجحانات سے ہم آہنگ کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ معیاری تعلیم کے فروغ کے لیے اساتذہ کی استعداد کار میں اضافہ کیا جانا چاہیے۔ اساتذہ کی فلاح و بہبود اور مسائل کا ازالہ قومی ذمہ داری ہے، انہیں معاشرے میں باعزت اور سازگار ماحول فراہم کیا جانا چاہیے۔ سیدال خان ناصر نے کہا کہ ملک بھر کے اساتذہ کی تعلیمی و قومی خدمات قابل تحسین ہیں، ان کی محنت اور عزم پاکستان کے روشن اور بہتر مستقبل کی بنیاد ہے۔

بقیہ 26

گان کے ریکارڈ کی باقاعدگی سے جانچ پڑتال کی جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ریونیو ریکارڈ میں شفافیت اور درستگی کو یقینی بنایا جائے اور زیر التوا معاملات کو مقررہ مدت کے اندر نمٹایا جائے۔ اس کے علاوہ ٹیکس وصولی کی پیش رفت کی باقاعدگی سے نگرانی اور متعلقہ حکام کو رپورٹ پیش کرنے کی بھی ہدایت کی گئی۔ اجلاس میں ریونیو ٹیکسز اور زرعی انکم ٹیکس کی وصولی میں درپیش مسائل کا جائزہ لیتے ہوئے ان کے حل کے لیے ضروری اقدامات پر بھی غور کیا گیا۔

بقیہ 27

پیدا کرتا ہے۔ اساتذہ نئی نسل میں بہتر معاشرہ تشکیل دینے کی صلاحیت بھی پیدا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ کو احترام، مناسب سہولیات، پیشہ ورانہ آزادی اور سازگار ماحول فراہم کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے۔ معیاری تعلیم اور اساتذہ کی فلاح و بہبود پر توجہ ملک کے مستقبل میں سرمایہ کاری ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ اساتذہ، بالخصوص نجی تعلیمی اداروں کے اساتذہ کی تنخواہوں میں منصفانہ اضافہ ہونا چاہیے، جبکہ نجی اداروں میں کام کرنے والے اساتذہ کے لیے ملازمت کے تحفظ اور بنیادی حقوق کے لیے مؤثر میکنزم بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ کے حقوق کا تحفظ اور ان کی فلاح و بہبود ریاست کی ذمہ داری ہے، تعلیم ہمیشہ پیپلز پارٹی کی بنیادی ترجیحات میں شامل رہی ہے۔ پیپلز پارٹی کے چیئرمین نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے 1973 کے آئین نے تعلیم کو بنیادی حق قرار دیا، جبکہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو کا وژن ہر بچے کو بلاامتیاز یکساں اور معیاری تعلیم کی فراہمی تھا۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے ادوار حکومت میں تعلیمی اداروں کا قیام اور فروغ ہمیشہ ترجیح رہا ہے۔ پیپلز پارٹی اساتذہ کی خدمات اور جدوجہد کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور اساتذہ کے حقوق، مسائل کے حل اور پیشہ ورانہ وقار کے لیے ہمیشہ ہراول دستے کا کردار ادا کرے گی۔

بقیہ 28

کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کے درمیان طویل ملاقات ہوئی، جس میں ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال، صوبے کے معاملات اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تفصیلی مشاورت اور تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے موجودہ ملکی سیاسی حالات، بلوچستان کی مجموعی صورتحال اور عوامی مسائل کے حل سمیت مختلف امور پر اپنی آرا کا اظہار کیا۔ اس موقع پر سیاسی و پارلیمانی معاملات اور آئندہ کے لائحہ عمل پر بھی گفتگو کی گئی۔ دونوں رہنماؤں نے اس امر پر اتفاق کیا کہ ملک اور صوبے میں سیاسی استحکام، جمہوری عمل کے تسلسل اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں۔ ملاقات میں باہمی رابطوں اور مشاورت کا سلسلہ جاری رکھنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 29

کھیپ برآمد کرلی ہے۔ سٹی تھانے کے ایس ایچ او عبدالرؤف جمالی کے مطابق برآمد ہونے والے سامان میں غیر ملکی سگریٹ، پان، سپاری، چھالیہ اور دیگر ممنوعہ اشیا شامل ہیں، جن کی مالیت دو کروڑ روپے سے زائد بنتی ہے۔ پولیس نے کارروائی کے دوران تمام غیر ملکی سامان قبضے میں لے کر اسمگلنگ کا مقدمہ درج کر لیا ہے اور مزید تفتیش کا آغاز کر دیا ہے۔

بقیہ 30

تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اساتذہ قوم کے حقیقی معمار ہیں، جو نئی نسل کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی کردار سازی اور بہتر مستقبل کی بنیاد رکھنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ استاد کا مقام معاشرے میں انتہائی اہم اور قابل احترام ہے، کیونکہ اساتذہ اپنی علمی و فکری صلاحیتوں کے ذریعے طلبہ کی رہنمائی کرتے ہوئے انہیں ایک ذمہ دار اور باشعور شہری بنانے میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ کسی بھی ملک کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کا انحصار اس کے تعلیمی نظام اور اساتذہ کی محنت پر ہوتا ہے۔ سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ معیاری تعلیم کا فروغ، اساتذہ کے مسائل کا حل اور تعلیمی اداروں میں سازگار ماحول کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ خصوصاً بلوچستان میں تعلیم کے شعبے کی بہتری اور نوجوان نسل کو جدید تعلیمی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ اپنے فرائض منصبی کو محض ملازمت نہیں بلکہ قومی ذمہ داری سمجھ کر ادا کرتے ہیں اور ان کی انتھک محنت کے نتیجے میں ڈاکٹرز، انجینئرز، وکلا، افسران اور دیگر شعبوں کے ماہرین معاشرے کی خدمت کرتے ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ استاد وہ شخصیت ہے جو ایک فرد نہیں بلکہ پوری نسل کی تربیت کرتا ہے، اس لیے اساتذہ کو معاشرے میں وہ مقام اور عزت دی جانی چاہیے جس کے وہ مستحق ہیں۔ سردارزادہ فیصل خان جمالی نے یوم اساتذہ کے موقع پر تمام اساتذہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کی قومی و تعلیمی خدمات کو سراہا اور کہا کہ قوم کی ترقی اور روشن مستقبل کے لیے اساتذہ کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔

بقیہ 31

معاشرے کا وہ عظیم معمار ہے جو علم، تربیت، شعور اور کردار سازی کے ذریعے نئی نسل کی رہنمائی کرتا ہے، جبکہ قوموں کی ترقی اور روشن مستقبل کی بنیاد بھی اساتذہ ہی کی محنت سے مضبوط ہوتی ہے۔ میر ارشد حسین جمالی نے کہا کہ ان کی زندگی میں آج جو مقام اور ذمہ داریاں ہیں، ان کے حصول میں ان کے اساتذہ کی تعلیم، تربیت، رہنمائی اور محنت کا اہم کردار ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ خود بھی شعبہ تدریس سے وابستہ رہ چکے ہیں، اس لیے استاد کے مقدس پیشے کی ذمہ داریوں، مشکلات اور اہمیت سے بخوبی آگاہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک استاد کا کردار محض طلبہ کو کتابی علم فراہم کرنے تک محدود نہیں بلکہ وہ بچوں کی شخصیت سازی، اخلاقی تربیت، مثبت سوچ، شعور اور خود اعتمادی کو پروان چڑھانے میں بھی بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔ ایک باصلاحیت اور مخلص استاد اپنے شاگردوں کو نہ صرف علم کی روشنی فراہم کرتا ہے بلکہ انہیں زندگی کے چیلنجز کا مقابلہ کرنے اور معاشرے کا ذمہ دار و مفید شہری بننے کے قابل بھی بناتا ہے۔ ڈپٹی کمشنر ہرنائی نے کہا کہ آج معاشرے کے مختلف شعبوں میں ملک و قوم کی خدمت کرنے والے ڈاکٹرز، انجینئرز، افسران، سیاستدان، صحافی اور دیگر ماہرین اپنے اساتذہ کی محنت اور رہنمائی کا ثمر ہیں۔

بقیہ 32

کی سرپرستی وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے امور نوجوانان مینا مجید بلوچ کر رہی ہیں۔ بلوچستان یوتھ ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت صوبے بھر کے دو ہزار سے زائد نوجوانوں کو دو مراحل میں تربیت فراہم کی جائے گی۔ پہلے مرحلے میں ایمپلائیبلٹی اور سافٹ اسکلز جبکہ دوسرے مرحلے میں ڈیجیٹل اسکلز اور اسٹارٹ اپس کے حوالے سے تربیت دی جائے گی۔ پہلے مرحلے کے چار روزہ تربیتی سیشنز میں نوجوانوں کو کمیونیکیشن اسکلز، انٹرپرسنل اسکلز، لیڈرشپ، انٹرپرینیورشپ، کیریئر کاؤنسلنگ، سی وی رائٹنگ اور موک انٹرویوز سمیت مختلف اہم موضوعات پر تربیت فراہم کی گئی، جس کا مقصد نوجوانوں کو عملی زندگی، روزگار اور کاروباری مواقع کے لیے ضروری مہارتوں سے آراستہ کرنا تھا۔ تربیتی سیشنز کوئٹہ، پنجگور، لورالائی، ژوب، قلعہ سیف اللہ، مسلم باغ، نوشکی، پشین، گوادر، پسنی، تربت، قلات، لسبیلہ، خاران، خضدار اور حب سمیت صوبے کے مختلف علاقوں میں منعقد کیے گئے۔ کوئٹہ میں مختلف سیشنز میں 50 سے زائد، 53 سے زائد اور 57 سے زائد طلبہ و طالبات، پنجگور میں 53 سے زائد طالبات، لورالائی میں 60 سے زائد، مسلم باغ میں 70 سے زائد، قلعہ سیف اللہ میں 59 سے زائد اور ژوب میں 53 سے زائد طلبہ و طالبات نے تربیت حاصل کی۔ اسی طرح نوشکی میں 55 سے زائد، پشین میں 55 سے زائد، گوادر میں 62 سے زائد، تربت میں 54 سے زائد، خاران میں 59 سے زائد، خضدار میں 58 سے زائد، پسنی میں 59 سے زائد، قلات میں 60 سے زائد اور لسبیلہ میں 60 سے زائد طلبہ و طالبات نے چار روزہ تربیتی سیشنز سے استفادہ کیا۔ حکومت بلوچستان کی جانب سے نوجوانوں کو معیاری اور مؤثر تربیت فراہم کرنے کے لیے ماہر اور تجربہ کار ٹرینرز کی خدمات حاصل کی گئیں، جنہوں نے نوجوانوں کو جدید تقاضوں کے مطابق سافٹ اسکلز کے ساتھ عملی مشقوں، کیریئر پلاننگ، سی وی رائٹنگ اور انٹرویو کی تیاری کے حوالے سے بھی رہنمائی فراہم کی محکمہ امور نوجوانان کے مطابق بلوچستان یوتھ ڈویلپمنٹ پروگرام کا مقصد صوبے کے نوجوانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا، ان کی پیشہ ورانہ استعداد میں اضافہ کرنا اور انہیں روزگار، کاروبار اور مستقبل کے بہتر مواقع کے لیے تیار کرنا ہے۔ پروگرام کے دوسرے مرحلے میں نوجوانوں کو ڈیجیٹل اسکلز اور اسٹارٹ اپس کے حوالے سے تربیت فراہم کی جائے گی، جس میں جدید ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل معیشت، کاروباری منصوبہ بندی اور اسٹارٹ اپس کے قیام سے متعلق عملی رہنمائی شامل ہوگی۔ بلوچستان یوتھ ڈویلپمنٹ پروگرام کے پہلے مرحلے کی تکمیل کو صوبے کے نوجوانوں کی پیشہ ورانہ اور عملی صلاحیتوں میں اضافے کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا گیا ہے۔

بقیہ 33

15 بجے سے 15:02 بجے تک نماز جمعہ اور کھانے کا وقفہ ہوگا اسی طرح ہفتہ اور اتوار کو دفاتر بند رہیں گے۔ اعلامیے کے مطابق مذکورہ اوقات کار ہسپتالوں اور تعلیمی اداروں، جن میں یونیورسٹیاں، کالجز اور اسکول شامل ہیں، پر لاگو نہیں ہوں گے۔ تاہم محکمہ صحت اور محکمہ تعلیم کے منسلک دفاتر پنج روزہ دفتری ہفتے کی بنیاد پر صبح 30:08 بجے سے دوپہر 30:02 بجے تک، جبکہ جمعہ کے روز صبح 30:08 بجے سے دوپہر 30:12 بجے تک کھلے رہیں گے۔

بقیہ 34

نے پاک ایران شاہراہ پر ناکہ لگا کر نادرا آفس کو آگ لگائی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکیورٹی فورسز کی بھاری نفری جائے وقوعہ کی جانب روانہ ہوگئی۔ واقعے کے محرکات اور نقصان سے متعلق مزید تفصیلات تاحال سامنے نہیں آسکیں۔

بقیہ 35

نواب شاہ کے قریب قومی شاہراہ پر پیش آیا جہاں تیز رفتار کار آئل ٹینکر سے ٹکرا گئی۔ ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ حادثے کے نتیجے میں خواتین اور بچوں سمیت 6 افراد جاں بحق ہوگئے جب کہ 2 افراد زخمی ہوئے۔ دوسری جانب نواب شاہ ریلوے بالائی پل کے قریب ٹرک کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار 2 خواتین جاں بحق اور ایک شخص زخمی ہوگیا۔

بقیہ 36

ست سنے گئے۔ عدالتوں کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے متعدد اہم معاملات پر موقع پر ہی احکامات جاری کیے، جبکہ بعض قانونی پیچیدگیوں والے مسائل پر فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ پولیس تھانوں اور محکموں کے حکام کو سخت ہدایات دیں۔ سردار عبداللہ خان نے واضح کیا کہ ریونیو کورٹس کے انعقاد کا بنیادی مقصد عوام کو ان کے مسائل کے حل کے لیے بروقت اور آسان رسائی فراہم کرنا ہے۔

بقیہ 37

قوموں کی ترقی اور خوشحالی کا راز معیاری تعلیم اور مخلص و قابل اساتذہ کی محنت میں پوشیدہ ہے۔ اساتذہ کرام اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھا کر معاشرے کو باشعور، تعلیم یافتہ اور ذمہ دار افراد فراہم کرتے ہیں حاجی نور محمد دمڑ نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کے لیے تعلیمی نظام کو مزید مضبوط بنانا اور اساتذہ کو درپیش مسائل کا حل یقینی بنانا انتہائی ضروری ہے۔ اساتذہ کو بہتر سہولیات، باعزت ماحول اور اپنے فرائض کی ادائیگی کے لیے سازگار حالات فراہم کرنا ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے انہوں نے کہا کہ اساتذہ کے خصوصی دن کے موقع پر بلوچستان سمیت ملک بھر کے تمام اساتذہ کرام کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ اساتذہ ہماری نئی نسل کے معمار ہیں اور ان کی محنت، خلوص اور رہنمائی ہی ایک مضبوط، تعلیم یافتہ اور روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔

بقیہ 38

کے مطابق اس وقت اسرائیل بھر میں تقریباً 3 ہزار امریکی فوجی تعینات ہیں، جن کی ذمے داریوں میں فضائی دفاعی نظام چلانا بھی شامل ہے، جبکہ امریکی پائلٹس، معاون عملہ، لاجسٹکس اہلکار اور فوجی ہیڈکوارٹرز میں خدمات انجام دینے والے اہلکار بھی وہاں موجود ہیں۔ رپورٹ کے مطابق امریکی فوج حالیہ ہفتوں کے دوران معمول کے مطابق فوجیوں کی تعیناتیوں میں رد و بدل کر رہی ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ آنے والے ہفتوں میں مزید فوج اور طیارے اسرائیل پہنچنے کی توقع ہے، جو مشرق وسطیٰ میں ممکنہ کشیدگی میں اضافے کی تیاریوں کا حصہ ہوں گے۔ یہ رپورٹ خطے میں امریکا کی وسیع تر فوجی تیاریوں کے درمیان سامنے آئی ہے۔ حالیہ رپورٹس میں ایران کے ساتھ بڑھتی ہوئی کشیدگی کے باعث مزید امریکی فوجیوں اور بحری اثاثوں کی تعیناتی کی نشاندہی کی گئی ہے۔

بقیہ 39

اثرات پر مشاورت ہوگی۔ ذرائع کے مطابق مذاکراتی عمل میں پیش رفت نہ ہونے کی صورت میں آئندہ سیاسی حکمت عملی پر بھی غور کیا جائے گا۔

بقیہ 01

کی سرپرستی وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے امور نوجوانان مینا مجید بلوچ کر رہی ہیں۔ بلوچستان یوتھ ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت صوبے بھر کے دو ہزار سے زائد نوجوانوں کو دو مراحل میں تربیت فراہم کی جائے گی۔ پہلے مرحلے میں ایمپلائبلٹی اور سافٹ اسکلز جبکہ دوسرے مرحلے میں ڈیجیٹل اسکلز اور اسٹارٹ اپس کے حوالے سے تربیت دی جائے گی۔ پہلے مرحلے کے چار روزہ تربیتی سیشنز میں نوجوانوں کو کمیونیکیشن اسکلز، انٹرپرسنل اسکلز، لیڈرشپ، انٹرپرینیورشپ، کیریئر کاؤنسلنگ، سی وی رائٹنگ اور موک انٹرویوز سمیت مختلف اہم موضوعات پر تربیت فراہم کی گئی، جس کا مقصد نوجوانوں کو عملی زندگی، روزگار اور کاروباری مواقع کے لیے ضروری مہارتوں سے آراستہ کرنا تھا۔ تربیتی سیشنز کوئٹہ، پنجگور، لورالائی، ژوب، قلعہ سیف اللہ، مسلم باغ، نوشکی، پشین، گوادر، پسنی، تربت، قلات، لسبیلہ، خاران، خضدار اور حب سمیت صوبے کے مختلف علاقوں میں منعقد کیے گئے۔ کوئٹہ میں مختلف سیشنز میں 50 سے زائد، 53 سے زائد اور 57 سے زائد طلبہ و طالبات، پنجگور میں 53 سے زائد طالبات، لورالائی میں 60 سے زائد، مسلم باغ میں 70 سے زائد، قلعہ سیف اللہ میں 59 سے زائد اور ژوب میں 53 سے زائد طلبہ و طالبات نے تربیت حاصل کی۔ اسی طرح نوشکی میں 55 سے زائد، پشین میں 55 سے زائد، گوادر میں 62 سے زائد، تربت میں 54 سے زائد، خاران میں 59 سے زائد، خضدار میں 58 سے زائد، پسنی میں 59 سے زائد، قلات میں 60 سے زائد اور لسبیلہ میں 60 سے زائد طلبہ و طالبات نے چار روزہ تربیتی سیشنز سے استفادہ کیا۔ حکومت بلوچستان کی جانب سے نوجوانوں کو معیاری اور مؤثر تربیت فراہم کرنے کے لیے ماہر اور تجربہ کار ٹرینرز کی خدمات حاصل کی گئیں، جنہوں نے نوجوانوں کو جدید تقاضوں کے مطابق سافٹ اسکلز کے ساتھ عملی مشقوں، کیریئر پلاننگ، سی وی رائٹنگ اور انٹرویو کی تیاری کے حوالے سے بھی رہنمائی فراہم کی۔ محکمہ امور نوجوانان کے مطابق بلوچستان یوتھ ڈویلپمنٹ پروگرام کا مقصد صوبے کے نوجوانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا، ان کی پیشہ ورانہ استعداد میں اضافہ کرنا اور انہیں روزگار، کاروبار اور مستقبل کے بہتر مواقع کے لیے تیار کرنا ہے۔ پروگرام کے دوسرے مرحلے میں نوجوانوں کو ڈیجیٹل اسکلز اور اسٹارٹ اپس کے حوالے سے تربیت فراہم کی جائے گی، جس میں جدید ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل معیشت، کاروباری منصوبہ بندی اور اسٹارٹ اپس کے قیام سے متعلق عملی رہنمائی شامل ہوگی۔ بلوچستان یوتھ ڈویلپمنٹ پروگرام کے پہلے مرحلے کی تکمیل کو صوبے کے نوجوانوں کی پیشہ ورانہ اور عملی صلاحیتوں میں اضافے کی جانب اہم قدم قرار دیا گیا ہے

بقیہ 02

15 بجے سے 15:02 بجے تک نماز جمعہ اور کھانے کا وقفہ ہوگا اسی طرح ہفتہ اور اتوار کو دفاتر بند رہیں گے۔ اعلامیہ کے مطابق مذکورہ اوقات کار ہسپتالوں اور تعلیمی اداروں، جن میں یونیورسٹیاں، کالجز اور اسکول شامل ہیں، پر لاگو نہیں ہوں گے۔ تاہم محکمہ صحت اور محکمہ تعلیم کے منسلک دفاتر چھ روزہ دفتری ہفتے کی بنیاد پر صبح 30:08 بجے سے دوپہر 30:02 بجے تک، جبکہ جمعہ کے روز صبح 30:08 بجے سے دوپہر 30:12 بجے تک کھلے رہیں گے۔

بقیہ 03

نے پاک ایران شاہراہ پر ناکہ لگا کر نادرا آفس کو آگ لگائی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکیورٹی فورسز کی بھاری نفری جائے وقوعہ کی جانب روانہ ہوگئی۔ واقعے کے محرکات اور نقصان سے متعلق مزید تفصیلات تاحال سامنے نہیں آسکیں۔

بقیہ 04

بھی اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کا دورہ کریں گے جہاں وہ سیلاب کے بعد آفات سے نمٹنے کی تیاری کا خود مشاہدہ کریں گے۔ 2022 میں پاکستان کو شدید سیلاب کا سامنا کرنا پڑا تھا جس کے بعد اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا تھا۔ اسلام آباد میں انتونیو گوتریس اقوام متحدہ کے ملٹری آبزرور گروپ ان انڈیا اینڈ پاکستان کے ہیڈکوارٹرز کا بھی دورہ کریں گے۔ یو این ایم او جی آئی پی بھارت اور پاکستان میں اقوام متحدہ کے فوجی مبصرین کا مشن ہے

بقیہ 05

ملکوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ کاشف عمر سمیت تین جاں بحق پاکستانیوں محمود احمد انصاری اور رفیع اللہ خان کے جسد خاکی ایتھوپین ایئرلائنز کی پرواز کے ذریعے ادیس ابابا سے کراچی پہنچائے گئے تھے۔ یہ ملاح صومالی قزاقوں کی قید میں تقریبا ساڑھے 5 ماہ رہے، مسلح قزاقوں نے ان کے تیل بردار بحری جہاز (MT Honour 25) کو 21 اپریل کو صومالیہ کے ساحل کے قریب یرغمال بنایا تھا۔ پنٹ لینڈ کی سیکیورٹی فورسز نے 29 ستمبر کو جہاز چھڑانے کے لیے آپریشن شروع کیا۔ اسی دوران قزاقوں کی فائرنگ سے کاشف عمر سمیت 3 پاکستانی یرغمالی جاں بحق ہوگئے۔ ساڑھے پانچ ماہ کی طویل قید کے دوران پاکستانی یرغمالیوں کو خوراک، ادویات اور پینے کے صاف پانی کی شدید قلت کا سامنا کرنا پڑا تھا۔

بقیہ 06

نواب شاہ کے قریب قومی شاہراہ پر پیش آیا جہاں تیز رفتار کار آئل ٹینکر سے ٹکرا گئی۔ ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ حادثے کے نتیجے میں خواتین اور بچوں سمیت 6 افراد جاں بحق ہوگئے جب کہ 2 افراد زخمی ہوئے۔ دوسری جانب نواب شاہ ریلوے بالائی پل کے قریب ٹرک کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار 2 خواتین جاں بحق اور ایک شخص زخمی ہوگیا۔

بقیہ 07

مقام پر پہنچتا ہے، اس کے پیچھے اساتذہ کی تعلیم، تربیت، رہنمائی اور محنت کا بنیادی کردار ہوتا ہے۔ میر سیف اللہ خان کھیتران نے کہا کہ استاد صرف کتابی علم منتقل کرنے والا نہیں بلکہ نئی نسل کی شخصیت سازی، اخلاقی تربیت، کردار سازی اور مثبت سوچ پروان چڑھانے والا معاشرے کا اہم ستون ہے۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ اپنے علم اور تجربے کے ذریعے طلبہ کو زندگی کے مختلف شعبوں میں کامیابی کے لیے تیار کرتے ہیں، جبکہ قوموں کی ترقی اور خوشحالی بھی معیاری تعلیم اور بہترین تربیت سے وابستہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے میں اساتذہ کو عزت و احترام دینا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔

بقیہ 08

میں ادا کر رہے ہیں، جن کی خدمات خراج تحسین کی مستحق ہیں۔ میر گہور خان سیال نے کہا کہ تعلیم یافتہ اور باشعور معاشرے کی تشکیل میں استاد کا کردار بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ بالخصوص بچیوں کی تعلیم کے فروغ میں خواتین اساتذہ کی خدمات انتہائی اہم ہیں، کیونکہ ایک تعلیم یافتہ نوجوان نہ صرف اپنے خاندان بلکہ پورے معاشرے میں مثبت تبدیلی کا ذریعہ بنتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں معیاری تعلیم کے فروغ کے لیے تعلیمی اداروں کو فعال بنانا، بنیادی سہولیات کی فراہمی، تدریسی معیار میں بہتری اور اساتذہ کی پیشہ ورانہ استعداد میں اضافہ ناگزیر ہے۔ اساتذہ کو جدید تدریسی طریقوں سے روشناس کرانے کے ساتھ ساتھ انہیں بہتر تعلیمی ماحول اور ضروری سہولیات فراہم کی جانی چاہئیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ استاد کا احترام دراصل علم، تعلیم اور مستقبل کا احترام ہے۔ ایک مہذب اور ترقی یافتہ معاشرے کی پہچان یہ ہے کہ وہاں اساتذہ کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے اور ان کے مقام و کردار کا اعتراف کیا جائے۔ میر گہور خان سیال نے یوم اساتذہ کے موقع پر تمام اساتذہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ قوم کے روشن مستقبل کی تعمیر میں اساتذہ کا کردار ہمیشہ ناقابل فراموش رہے گا۔

بقیہ 09

پولیس اور عوام کے درمیان اعتماد کی فضا مکمل طور پر ختم کر دی ہے۔ ذرائع نے ہوشربا انکشاف کیا ہے کہ محبت پور کے مختلف تھانوں میں برسوں سے ایک ہی محرر اور ایس ایچ اوز دامن اقتدار سے وابستہ ہیں، جبکہ تمام ایس ایچ اوز اور پولیس افسران کے زیر استعمال نان کسٹم پیڈ، غیر قانونی اور جعلی نمبر پلیٹوں والی گاڑیاں اور پراپرٹی کی مشکوک گاڑیاں دیکھی جا سکتی ہیں جن پر محض "پولیس" لکھا ہوتا ہے یا کوئی اور جعلی نمبر درج ہوتا ہے۔ عوامی اور سماجی حلقوں نے آئی جی بلوچستان سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ اس صورتحال کا فوری نوٹس لیا جائے۔

بقیہ 10

میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ کی محنت، خلوص اور رہنمائی کے نتیجے میں طلبہ مختلف شعبہ ہائے زندگی میں کامیابیاں حاصل کرکے ملک و قوم کی خدمت کرتے ہیں۔ ایک استاد اپنے شاگردوں کو صرف کتابی علم نہیں دیتا بلکہ انہیں زندگی کے چیلنجز کا سامنا کرنے، بہتر فیصلے کرنے اور معاشرے کا ذمہ دار شہری بننے کے قابل بناتا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ قوموں کی ترقی اور خوشحالی کا براہ راست تعلق معیاری تعلیم سے ہے اور معیاری تعلیم کی فراہمی میں اساتذہ کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے کہ اساتذہ کو عزت و احترام دینے کے ساتھ ساتھ انہیں بہتر تعلیمی ماحول اور ضروری سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 11

کو خراج تحسین پیش کرنے کا اہم موقع ہے۔ استاد صرف کتابی علم منتقل کرنے والا نہیں بلکہ طلباء کی شخصیت کردار اور مستقبل کی تعمیر میں بنیادی کردار ادا کرنے والا رہنما ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک مخلص اور باصلاحیت استاد اپنے شاگردوں میں علم کے ساتھ اخلاق، نظم و ضبط، برداشت، خود اعتمادی اور معاشرتی ذمہ داری کا شعور پیدا کرتا ہے۔ آج معاشرے کے مختلف شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دینے والی شخصیات کے پیچھے کسی نہ کسی استاد کی محنت، رہنمائی اور تربیت شامل ہے۔

بقیہ 12

اس بات پر زور دیا کہ لبنانی ریاست ہی ملک کی جانب سے مذاکرات اور جنگ اور امن سے متعلق فیصلے کرنے کا مجاز ادارہ ہے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ لبنان تمام اسیروں کی رہائی کا خواہاں ہے اور اس کا مقصد بے گھر شہریوں کی اپنے گاؤں اور قصبوں میں محفوظ اور باوقار واپسی کو یقینی بنانا ہے۔ مزید برآں، انہوں نے جنگ سے تباہ ہونے والے علاقوں کی تعمیر نو کی ضرورت پر زور دیا۔ لبنانی وزیراعظم نے نوٹ کیا کہ امریکہ کی ثالثی میں جاری مذاکرات کا مقصد ایسے انتظامات تک پہنچنا ہے جو جنگ کے خاتمے اور لبنان کی خودمختاری کی بحالی کی ضمانت ہو۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ کسی بھی معاہدے کو ایک واضح ٹائم لائن اور ذمہ داریوں کی تکمیل کو یقینی بنانے کے طریقہ کار کے ساتھ عملی اقدامات میں ڈھالنا چاہیے۔

بقیہ 13

کیا گیا، جس میں اساتذہ کی خدمات، محنت، تعلیمی شعبے میں نمایاں کارکردگی اور طلبہ کی بہتر رہنمائی کے حوالے سے ان کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی رکن صوبائی اسمبلی (MPA) مولوی نور اللہ تھے، جبکہ تقریب کا انعقاد ڈپٹی کمشنر قلعہ سیف اللہ ساگر کمار کی زیر نگرانی کیا گیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ساجد حسین ترمذی، سیاسی رہنما سلیم اللہ، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز (DDOs) قلعہ سیف اللہ اور مسلم باغ، ضلع بھر کے مختلف اسکولوں اور کالجوں کے پرنسپلز، اساتذہ، طلبہ، محکمہ تعلیم کے افسران و اہلکاران، سماجی کارکنان اور دیگر معززین نے شرکت کی۔

بقیہ 14

سے منسوب کی گئی تقریب میں رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن بلوچ بطور مہمان خصوصی، وائس چانسلر یونیورسٹی آف گوادر عبدالرزاق صابر، ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات گوادر معین الرحمن خان، ڈپٹی کمشنر گوادر نجیب اللہ کاکڑ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر گوادر زاہد حسین سمیت اساتذہ کرام، اسکول پرنسپلز، سیاسی و سماجی شخصیات اور طلبہ و طالبات کی بڑی تعداد نے شرکت کی رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اساتذہ قوم کے معمار ہیں اور ان کا احترام معاشرے کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ گوادر میں گزشتہ دس سال سے عالمی یوم اساتذہ کی تقریبات کا مسلسل انعقاد اساتذہ کی خدمات کے اعتراف اور ان کی حوصلہ افزائی کی ایک مثبت روایت ہے رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ قلم سے زیادہ طاقتور کوئی چیز نہیں، طلبہ وطالبات کو چاہیے کہ وہ تعلیم اور قلم کی طاقت سے اپنے حقوق کی جنگ لڑیں، نہ کہ کسی دوسرے راستے کا انتخاب کریں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا میں جن اقوام نے ترقی اور کامیابی حاصل کی، انہوں نے تعلیم کو ترجیح دی اور اپنے تعلیمی نظام کو مضبوط بنایا انہوں نے اساتذہ پر زور دیا کہ وہ طلبہ وطالبات کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے ساتھ ساتھ ان کی کاؤنسلنگ اور رہنمائی بھی کریں، تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں، دلچسپیوں اور رجحانات کو سمجھتے ہوئے مستقبل کے لیے درست راستے کا انتخاب کر سکیں۔ ان کا کہنا تھا کہ تعلیمی اداروں کی بہتری، خستہ حال اسکولوں کی بحالی اور طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول کی فراہمی کے لیے ترقیاتی وسائل اور ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے مختلف اقدامات جاری ہیں رکن صوبائی اسمبلی نے بتایا کہ دوران سروس وفات پانے والے اساتذہ کے لواحقین کے ان سروس ڈیتھ کوٹہ سے متعلق درخواستوں پر کارروائی مکمل کرلی گئی ہے

بقیہ 15

ں نے کہا کہ حکومت اور اپوزیشن دونوں کو اپنی اپنی سیاسی پوزیشن سے بالاتر ہوکر ملک وقوم کے وسیع تر مفاد کو مقدم رکھنا ہوگا۔ سیاسی اختلاف جمہوری نظام کا حصہ ہے، تاہم اختلافات کو ذاتی انا، ضد اور محاذ آرائی کی شکل دینا ملک کو مزید بحرانوں کی طرف لے جا سکتا ہے۔ سید امان شاہ نے کہا کہ موجودہ حالات میں سیاسی قوتوں کے درمیان مذاکرات اور افہام و تفہیم کا راستہ اختیار کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ تمام معاملات کو آئین، قانون اور جمہوری اصولوں کے مطابق مذاکرات کی میز پر حل کیا جائے تاکہ ملک میں سیاسی استحکام پیدا ہو اور حکومت اپنی توجہ عوام کو درپیش مہنگائی، بے روزگاری، معاشی مشکلات اور امن و امان کے مسائل کے حل پر مرکوز کر سکے۔ انہوں نے کہا کہ عوام پہلے ہی مشکلات کا شکار ہیں، انہیں سیاسی محاذ آرائی نہیں بلکہ روزگار، معاشی استحکام، امن اور بہتر مستقبل کی ضرورت ہے۔ حکومت اور اپوزیشن کو عوام کی مشکلات کا احساس کرتے ہوئے باہمی اختلافات کم اور قومی مسائل کے حل کے لیے مشترکہ لائحہ عمل اختیار کرنا چاہیے۔

بقیہ 16

اے شیرانی کے صدر بھٹو شیرانی، جنرل سیکرٹری سید علی شاہ حریفال، جی ٹی اے آئینی صدر عبداللہ شیرانی، جنرل سیکرٹری اصغر شیرانی، کلرک داد خان حریفال، ہیڈ ماسٹر حبیب الرحمن، عبدالوہاب شیرانی سمیت اساتذہ کرام اور ہیڈز نے شرکت کی۔ اس موقع پر اساتذہ کرام کی علمی و تدریسی خدمات، محنت اور خلوص کو خراج تحسین پیش کیا گیا، جبکہ تعلیمی میدان میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے اساتذہ کو Best Teacher Awards سے بھی نوازا گیا۔ مقررین نے کہا کہ اساتذہ نئی نسل کی تعلیم و تربیت، کردار سازی اور مستقبل کی تعمیر میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں، اس لیے ان کی خدمات کا اعتراف اور حوصلہ افزائی تعلیمی معیار میں بہتری کے لیے ضروری ہے۔ تقریب خوشگوار اور پروقار ماحول میں اختتام پذیر ہوئی۔

بقیہ 17

ہے۔ ایک استاد کی محنت کا صلہ شاید فوری طور پر دکھائی نہ دے، لیکن اس کے تربیت یافتہ شاگرد جب معاشرے میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں تو استاد کی محنت نسلوں تک اپنا اثر دکھاتی ہے انہوں نے کہا کہ دنیا میں ترقی کرنے والی قوموں نے ہمیشہ تعلیم اور اساتذہ کو بنیادی اہمیت دی ہے۔ مضبوط تعلیمی نظام، باصلاحیت اساتذہ اور باکردار طلبہ ہی ایک مضبوط، مہذب اور ترقی یافتہ معاشرے کی ضمانت ہیں۔ شاگرد جب معاشرے میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں تو استاد کی محنت نسلوں تک اپنا اثر دکھاتی ہے انہوں نے کہا کہ دنیا میں ترقی کرنے والی قوموں نے ہمیشہ تعلیم اور اساتذہ کو بنیادی اہمیت دی ہے۔ مضبوط تعلیمی نظام، باصلاحیت اساتذہ اور باکردار طلبہ ہی ایک مضبوط، مہذب اور ترقی یافتہ معاشرے کی ضمانت ہیں۔

بقیہ 18

ر ماشکیل کے دور افتادہ علاقوں میں فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا گیا۔ ان کیمپس میں مجموعی طور پر 15 ہزار 489 مریضوں کو مفت علاج معالجے کی سہولت فراہم کی گئی۔ میڈیکل کیمپس میں مریضوں کا طبی معائنہ، مختلف بیماریوں کا علاج اور ضروری ادویات مفت فراہم کی گئیں۔ اس دوران بچوں، خواتین اور بزرگوں کی طبی ضروریات پر خصوصی توجہ دی گئی۔ مقامی آبادی نے دور افتادہ علاقوں میں طبی سہولیات کی فراہمی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے اقدامات سے ان علاقوں کے لوگوں کو بنیادی صحت کی سہولیات ان کی دہلیز کے قریب میسر آرہی ہیں۔ سیکیورٹی فورسز کے مطابق بلوچستان کے دور افتادہ علاقوں میں فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد عوامی خدمت اور فلاح و بہبود کے سلسلے کی کڑی ہے۔ عوام کو بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے ایسے اقدامات آئندہ بھی جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ 19

معظم بٹ چیف جسٹس کی عدالت میں پیش ہوئے۔ وکیل معظم بٹ نے عدالت کو بتایا کہ تینوں اراکین قومی اسمبلی نے لانگ مارچ میں ممکنہ رکاوٹوں کے خلاف درخواست دائر کی ہے، جس پر چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ لانگ مارچ تو ہو رہا ہے، کیا پابندی ہے؟ معظم بٹ نے بتایا کہ اسلام آباد ہائیکورٹ کے آرڈر کے بعد چیف سیکرٹری اور آئی جی پی نے اعلامیہ جاری کیا ہے۔ چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ کیا آپ اسلام آباد ہائیکورٹ کے آرڈر سے متاثر ہیں؟ وکیل نے جواب دیا کہ نہیں، ہم قانون کے تحت احتجاج کرنا چاہتے ہیں۔ احتجاج ان اراکین اسمبلی کے حلقوں سے گزرے گا جہاں ممکنہ رکاوٹیں حائل ہوسکتی ہیں۔ معظم بٹ نے استدعا کی کہ اداروں کو حکم دیا جائے کہ لانگ مارچ میں کوئی رکاوٹ حائل نہ کریں اور کیس آج ہی ساعت کے لیے مقرر کیا جائے۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ یہ کوئی پی ٹی اے یا پی اے کی درخواست نہیں کہ آج ہی لگ جائے، عدالت نے کہا کہ اس معاملے کو دیکھتے ہیں۔

بقیہ 20

وزیر داخلہ کے بیان پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے شوکت یوسفزئی نے کہا کہ وزیر داخلہ حقائق پر پردہ نہ ڈالیں، مذاکرات کی ناکامی کی اصل وجہ حکومت کا بدلتا ہوا موقف اور ہٹ دھرمی ہے۔ شوکت یوسفزئی نے کہا کہ تحریک انصاف نے مذاکرات کے دروازے کبھی بند نہیں کیے، لانگ مارچ ہمارا آئینی، قانونی، سیاسی اور جمہوری حق ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی قیادت میں گزشتہ روز سے جاری لانگ مارچ انتہائی کامیاب اور پرامن ہے۔ حکومت کے پاس صوبے میں کسی بھی غیر آئینی اور غیر جمہوری اقدام کا کوئی جواز نہیں ہے۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ حکومت آج عمران خان سے ملاقات کی اجازت دے تو مسائل کا حل نکل آئے گا۔ مذاکرات حکومت نے ختم کیے ہیں، اس لیے اس فیصلے پر نظرثانی بھی حکومت کو کرنی چاہیے۔ شوکت یوسفزئی نے خبردار کیا کہ گورنر راج یا ایمرجنسی سے حالات بے قابو ہوسکتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ صوبے میں امن کی سب سے زیادہ ضرورت خیبرپختونخوا کے عوام کو ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبرپختونخوا گزشتہ 25 سال سے دہشت گردی کا شکار ہے، حکومت اگر کوئی پالیسی بنانا چاہتی ہے تو تمام اسٹیک ہولڈرز کو بٹھایا جائے۔ شوکت یوسفزئی کا کہنا تھا کہ صوبائی حکومت دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ہر ممکن تعاون کے لیے تیار ہے۔ حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کا کریڈٹ بیرسٹر گوہر اور ان کی ٹیم کو جاتا ہے۔

بقیہ 21

ست سنے گئے۔ عدالتوں کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے متعدد اہم معاملات پر موقع پر ہی احکامات جاری کیے، جبکہ بعض قانونی پیچیدگیوں والے مسائل پر فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ پولیس تھانوں اور محکموں کے حکام کو سخت ہدایات دیں۔ سردار عبداللہ خان نے واضح کیا کہ ریونیو کورٹس کے انعقاد کا بنیادی مقصد عوام کو ان کے مسائل کے حل کے لیے بروقت اور آسان رسائی فراہم کرنا ہے۔

بقیہ 22

قوموں کی ترقی اور خوشحالی کا راز معیاری تعلیم اور مخلص و قابل اساتذہ کی محنت میں پوشیدہ ہے۔ اساتذہ کرام اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھا کر معاشرے کو باشعور، تعلیم یافتہ اور ذمہ دار افراد فراہم کرتے ہیں حاجی نور محمد دمڑ نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کے لیے تعلیمی نظام کو مزید مضبوط بنانا اور اساتذہ کو درپیش مسائل کا حل یقینی بنانا انتہائی ضروری ہے۔ اساتذہ کو بہتر سہولیات، باعزت ماحول اور اپنے فرائض کی ادائیگی کے لیے سازگار حالات فراہم کرنا ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے انہوں نے کہا کہ اساتذہ کے خصوصی دن کے موقع پر بلوچستان سمیت ملک بھر کے تمام اساتذہ کرام کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ اساتذہ ہماری نئی نسل کے معمار ہیں اور ان کی محنت، خلوص اور رہنمائی ہی ایک مضبوط، تعلیم یافتہ اور روشن مستقبل کی ضمانت ہے

بقیہ 23

کے مطابق اس وقت اسرائیل بھر میں تقریبا 3 ہزار امریکی فوجی تعینات ہیں، جن کی ذمے داریوں میں فضائی دفاعی نظام چلانا بھی شامل ہے، جبکہ امریکی پائلٹس، معاون عملہ، لاجسٹکس اہلکار اور فوجی ہیڈکوارٹرز میں خدمات انجام دینے والے اہلکار بھی وہاں موجود ہیں۔ رپورٹ کے مطابق امریکی فوج حالیہ ہفتوں کے دوران معمول کے مطابق فوجیوں کی تعیناتیوں میں رد و بدل کر رہی ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ آنے والے ہفتوں میں مزید فوج اور طیارے اسرائیل پہنچنے کی توقع ہے، جو مشرق وسطیٰ میں ممکنہ کشیدگی میں اضافے کی تیاریوں کا حصہ ہوں گے۔ یہ رپورٹ خطے میں امریکا کی وسیع تر فوجی تیاریوں کے درمیان سامنے آئی ہے۔ حالیہ رپورٹس میں ایران کے ساتھ بڑھتی ہوئی کشیدگی کے باعث مزید امریکی فوجیوں اور بحری اثاثوں کی تعیناتی کی نشاندہی کی گئی ہے۔

بقیہ 24

ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ پی ایس ڈی پی کے تحت جاری تمام نامکمل ترقیاتی اسکیمات کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے اور منصوبوں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل سے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی میں مزید بہتری آئے گی۔ ڈپٹی کمشنر کیچ نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام جاری منصوبوں کی مسلسل نگرانی، مؤثر رابطہ کاری اور عملی پیش رفت کو یقینی بنایا جائے تاکہ ترقیاتی عمل میں غیر ضروری تاخیر کا خاتمہ ہو۔ انہوں نے مزید کہا کہ پی ایس ڈی پی کے فیز 4 کا آغاز بھی جلد کیا جائے گا جس کے لیے متعلقہ محکمے اپنی تیاری اور ضروری امور کو بروقت مکمل کریں۔ اجلاس میں پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ کے انجینئر محمد عالم، اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ ابوبکر میروانی سمیت محکمہ بی اینڈ آر، لوکل گورنمنٹ، میونسپل کارپوریشن، اربن پلاننگ، ایم ایم ڈی، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، ایریگیشن اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران و سربراہان نے شرکت کی۔ اجلاس کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر کیچ نے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ پی ایس ڈی پی کے منصوبوں کی تکمیل کے عمل کو مزید تیز کرتے ہوئے عوامی مفاد کے ان ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ معیار اور مدت کے مطابق مکمل کیا جائے۔

بقیہ 25

ت حاصل کیں۔ انکے ہمراہ ریونیو کا عملہ رحواز خان ذکی، عابد پلال، گندانہ پریس کلب کے صدر سلیم گوپانگ صحافی نورحسن جمالی بھی موجود تھے اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ عوام کو مقررہ سرکاری نرخوں پر اشیائے ضروریہ کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور گرانفروشی، ذخیرہ اندوزی یا عوام سے زائد قیمت وصول کرنے سے گریز کیا جائے۔ دورے کے دوران مقررہ نرخوں کی خلاف ورزی کرنے والے بعض دکانداروں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ اسسٹنٹ کمشنر ماریہ شمعون نے واضح کیا کہ گرانفروشی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی

بقیہ 26

کے مختلف علاقوں میں وزن میں کمی اور مقررہ نرخوں کی خلاف ورزی کرنے والے تندوروں کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا۔ اس سلسلے میں مشرقی بائی پاس، سب ڈویژن سریاب، سیٹلائٹ ٹاؤن اور سب ڈویژن سٹی کے مختلف علاقوں میں پرائس کنٹرول کارروائیاں کی گئیں، جہاں مقررہ وزن سے کم روٹی فراہم کرنے والے تندور مالکان اور ذمہ دار افراد کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی۔ ان کارروائیوں کے دوران 22 افراد کو گرفتار کرکے مزید قانونی کارروائی کے لیے جیل منتقل کر دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے واضح کیا کہ عوام کو مقررہ نرخوں پر مقررہ وزن کی روٹی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے پرائس کنٹرول قوانین پر سختی سے عملدرآمد کرایا جائے گا، جبکہ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی۔

بقیہ 27

نے واضح کیا کہ بیلہ - کراچی N-25 محض ایک سڑک نہیں بلکہ بلوچستان کو ملک کے دیگر حصوں سے ملانے والی انتہائی اہم شاہراہ ہے، جس پر بلوچستان کے عوام کی روزمرہ آمدورفت، تجارت، کاروبار اور معاشی سرگرمیوں کا بڑا انحصار ہے انہوں نے کہا کہ N-25 طویل عرصے سے سنگل روڈ ہونے کے باعث مسافروں کے لیے مشکلات اور حادثات کا سبب بنتی رہی ہے، اور اس شاہراہ پر متعدد قیمتی انسانی جانیں ضائع ہو چکی ہیں۔ شاہراہ کو بہتر اور محفوظ بنانے کے لیے جاری ترقیاتی کام کی بروقت تکمیل ناگزیر ہے تاکہ حادثات کے خطرات میں کمی آئے اور عوام کو محفوظ سفری سہولیات میسر آسکیں سینیٹر اسد قاسم رونجھو نے متعلقہ حکام سے سوال کیا کہ منصوبے پر کام جاری ہونے کے باوجود اس کی رفتار سست کیوں ہے، اب تک کتنے فنڈز مختص اور خرچ کیے جا چکے ہیں اور منصوبے کی تکمیل کے لیے مقررہ ٹائم لائن کیا ہے

بقیہ 28

لے کا مرکز پاکستان، افغانستان اور تاجکستان کا سرحدی علاقہ تھا۔ فوری طور پر کسی جانی ومالی نقصان کے حوالے سے کوئی اطلاع نہیں ملی، زلزلے کی گہرائی 220 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی۔

بقیہ 29

پنکی کے خلاف مقدمات میں فرد جرم عائد کرنے کا سلسلہ تیز کرتے ہوئے منشیات کے مقدمے میں ملزمہ پر فرد جرم عائد کردی۔ منشیات کے مقدمے کی سماعت کے دوران انمول عرف پنکی کو ویڈیو لنک کے ذریعے عدالت میں پیش کیا گیا۔ عدالت نے ملزمہ سے استفسار کیا کہ آپ پر پولیس کی جانب سے منشیات کا الزام ہے، کیا آپ جرم قبول کرتی ہیں؟ ملزمہ نے ویڈیو لنک کے ذریعے صحت جرم سے انکار کردیا۔ عدالت نے فرد جرم عائد ہونے کے بعد مقدمے کے گواہوں کو نوٹس جاری کردیے۔ پولیس کے مطابق انمول عرف پنکی کے خلاف منشیات کا مقدمہ گزری تھانے میں درج کیا گیا تھا۔

بقیہ 30

سی اور سماجی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرنا اور ان کی مظلومانہ شہادت کے خلاف آواز بلند کرنا ہے۔ منتظمین کے مطابق کانفرنس میں علما کرام، سیاسی و مذہبی رہنما، کارکنوں اور شہید اسلام سے عقیدت رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد شرکت کرے گی۔ کانفرنس کا آغاز شام 4 بجے ہوگا اور عشا تک جاری رہے گی۔ جمعیت علما اسلام کے رہنماں نے عوام، علما کرام، کارکنوں اور متعلقین سے کانفرنس میں بھرپور شرکت کی اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہید اسلام مولانا محمد حنیف کی دینی وسیاسی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرنا اور ان کے مشن کو اجاگر کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ مذہبی و سیاسی نکرار کم کریں۔

بقیہ 31

مستقبل کی تعمیر میں بھی اہم ذمہ داری ادا کرتے ہیں۔ کاشف حیدری نے کہا کہ قوموں کی ترقی کا راز مضبوط تعلیمی نظام اور باصلاحیت، محنتی اور باکردار اساتذہ میں پوشیدہ ہے۔ دنیا کے ترقی یافتہ معاشروں نے تعلیم اور اساتذہ کو ترجیح دے کر ترقی کی منازل طے کی ہیں، اس لیے پاکستان بالخصوص بلوچستان میں بھی تعلیمی شعبے کو اولین ترجیحات میں شامل کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے اساتذہ محدود وسائل اور مختلف مشکلات کے باوجود نئی نسل کو تعلیم کی روشنی فراہم کر رہے ہیں، ان کی خدمات قابل قدر ہیں۔ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ اساتذہ کو باعزت معاشی زندگی، بروقت تنخواہوں، بنیادی سہولیات اور بہتر تدریسی ماحول کی فراہمی یقینی بنائے تاکہ وہ یکسوئی کے ساتھ اپنے فرائض انجام دے سکیں۔ ترجمان مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان نے کہا کہ معیاری تعلیم کے بغیر معاشی ترقی، روزگار کے بہتر مواقع اور مضبوط معاشرے کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا۔ حکومت کو چاہیے کہ تعلیمی اداروں کی حالت بہتر بنانے، اساتذہ کے مسائل حل کرنے اور طلبہ کو جدید تعلیمی سہولیات فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کرے۔ کاشف حیدری نے عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر ملک بھر کے تمام اساتذہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ استاد کا احترام دراصل علم، شعور اور مستقبل کا احترام ہے۔ نئی نسل کو ایک بہتر اور روشن مستقبل دینے کے لیے اساتذہ کے مقام اور کردار کو ہر سطح پر تسلیم کرنا ہوگا۔

بقیہ 32

معیاری تعلیم کا فروغ ناگزیر ہے اور ہر بچے تک تعلیم کی رسائی یقینی بنانا ہماری اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ استاد صرف علم منتقل نہیں کرتا بلکہ طلبہ کی کردار سازی اور انہیں ایک ذمہ دار شہری بنانے میں بھی بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔ اساتذہ کو ضروری سہولیات اور سازگار تعلیمی ماحول کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ میر ظہور بلیدی کا کہنا تھا کہ تعلیم یافتہ نوجوان بلوچستان کا روشن مستقبل ہیں، جبکہ تعلیم میں سرمایہ کاری دراصل مستقبل میں سرمایہ کاری ہے۔ مضبوط اور معیاری تعلیمی نظام ہی ایک ترقی یافتہ، باشعور اور خوشحال معاشرے کی ضمانت بن سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ کا احترام صرف ایک دن تک محدود نہیں ہونا چاہیے بلکہ پورے معاشرے کی مستقل ذمہ داری ہے۔ قوموں کی تعمیر میں اساتذہ کا کردار ہمیشہ بنیادی اور ناقابل فراموش رہا ہے۔ میر ظہور بلیدی نے عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر تمام اساتذہ کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی خدمات، محنت اور قربانیاں قوم کے روشن مستقبل کی ضمانت ہیں

بقیہ 33

کرنا تھا تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کی سعادت مولوی عبدالرحمان نے حاصل کی۔ تلاوت قرآن پاک کے بعد طلبہ و طالبات نے عالمی یوم اساتذہ کی مناسبت سے مختلف پروگرام پیش کیے، جن میں تقاریر، ڈرامے اور مختلف ٹیبلوز شامل تھے۔ طلبہ نے اپنی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کرتے ہوئے اساتذہ کرام کی عظمت، احترام، شفقت، محنت اور تعلیمی و تربیتی خدمات کو خوبصورت انداز میں اجاگر کیا۔ طلبہ کی جانب سے پیش کیے گئے مختلف پروگرامز میں اس بات کو نمایاں کیا گیا کہ استاد محض کتابی علم منتقل کرنے والا فرد نہیں بلکہ وہ طلبہ کی شخصیت سازی، کردار سازی، اخلاقی تربیت اور مستقبل کی سمت متعین کرنے میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ طلبہ کے مختلف ٹیبلوز اور ڈراموں میں استاد اور شاگرد کے باہمی احترام، استاد کی محنت اور تعلیم کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا، جنہیں تقریب میں موجود شرکاء نے بھرپور سراہا اور طلبہ کی صلاحیتوں کی تعریف کی۔

بقیہ 34

یوں پر خرچ ہونے والے فنڈز کے شفاف استعمال کو یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ متعلقہ حکام زمینی حقائق کا جائزہ لے کر ترقیاتی کاموں کے معیار، اخراجات اور نگرانی کے نظام کی جانچ کریں، جبکہ غفلت یا بے ضابطگی ثابت ہونے کی صورت میں ذمہ دار افسران و اہلکاروں کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی کی جائے تاکہ گرین بیلٹ کو دوبارہ فعال بنا کر زراعت اور مقامی زمینداروں کو درپیش مشکلات کا خاتمہ کیا جاسکے۔

بقیہ 35

انہوں نے کہا کہ پشتون اسٹوڈنٹس فیڈریشن طلباء کے حقوق کی محافظ اور ان کی آواز کو مؤثر انداز میں متعلقہ فورم تک پہنچانے والی تنظیم ہے طلباء کو درپیش تعلیمی، انتظامی اور بنیادی مسائل کے حل کے لیے منظم طلباء جدوجہد اور باقاعدہ نمائندگی ضروری ہے رزاق عاصم نے کہا کہ موجودہ حالات کے تناظر میں طلباء یونینز کی بحالی انتہائی ضروری ہے تاکہ تعلیمی اداروں میں طلباء کو اپنی نمائندگی، جمہوری سرگرمیوں اور اجتماعی مسائل کے اظہار کا مؤثر پلیٹ فارم میسر آسکے انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں مثبت، پرامن اور جمہوری طلباء سرگرمیوں کا فروغ ایک فعال تعلیمی ماحول کے لیے اہم ہے اجلاس سے صوبائی سینئر نائب صدر سیف الدین کاکڑ، صوبائی جنرل سیکرٹری ایاز زیارتوال، یوتھ صدر قیام کاکڑ، صوبائی فنانس سیکرٹری فاروق گل، صوبائی سالار خیال کاکڑ، سینئر ساتھی حسن سالار اور ذبیح اللہ نے بھی خطاب کیا اور تنظیمی امور، طلباء کے مسائل اور آئندہ کی تنظیمی سرگرمیوں کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

بقیہ 36

ہوئے جرائم اور عوام کے جان و مال کے عدم تحفظ کے خلاف 9 اکتوبر کو بھرپور احتجاجی ریلی نکالی جائے گی۔ اس سلسلے میں 9 اکتوبر کو سہ پہر 3 بجے جناح روڈ سے عظیم الشان امن ریلی نکالی جائے گی۔ عوام ریلی میں بھرپور شرکت کریں۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کے عوام کو جرائم پیشہ عناصر کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا جاسکتا جمعیت علما اسلام عوام کے دکھ درد میں ان کے ساتھ کھڑی ہے اور انہیں کسی صورت تنہا نہیں چھوڑے گی۔ شہر میں چوری، ڈکیتی، قتل و غارت گری، منشیات فروشی، فحاشی و عریانی اور دیگر جرائم میں مسلسل اضافے نے شہریوں میں شدید خوف و تشویش پیدا کردی ہے انہوں نے کہا کہ حکومتی عدم توجہی انتظامی غفلت اور عملی کارروائی کے فقدان نے صورتحال کو مزید سنگین بنا دیا ہے۔ گلی کوچوں میں جرائم پیشہ عناصر کا آزادانہ دندناتے پھرنا ریاستی رٹ اور قانون کی عملداری پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ منشیات فروشی اور دیگر جرائم کے اڈے کیا حکومت اور انتظامیہ کو دکھائی نہیں دیتے؟ اگر یہ سب کچھ حکومتی اور انتظامی اداروں کی نظروں کے سامنے ہو رہا ہے تو پھر کارروائی کیوں نہیں کی جا رہی؟ کوئٹہ میں جرائم کے مراکز کھلے عام قائم رہیں اور انتظامیہ خاموش تماشائی بنی رہے یہ کسی صورت قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور انتظامیہ عوام کو محض بیانات اور وعدوں سے مطمئن کرنے کے بجائے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز اور فوری کارروائی کریں۔ عوام کے جان و مال کا تحفظ ریاست اور انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے جس میں غفلت کسی صورت برداشت نہیں کی جاسکتی۔ انہوں نے خبردار کیا کہ امن وامان کے قیام اور عوام کے تحفظ کے لیے عملی اقدامات نہ کیے گئے تو احتجاج کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے گا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ میں جرائم کے تمام مراکز کے خلاف فوری کریک ڈاؤن کیا جائے منشیات فروشوں اور دیگر جرائم پیشہ عناصر کو قانون کے شکنجے میں لایا جائے شہریوں کو تحفظ فراہم کیا جائے اور کوئٹہ کو جرائم کی آماجگاہ بنانے کے بجائے حقیقی معنوں میں امن کا گہوارہ بنانے کے لیے ٹھوس اور نتیجہ خیز اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 37

دور دراز علاقوں سے تعلق رکھنے امیدواروں کو داخلہ پورٹل کے ذریعے آن لائن فارم جمع کرانے کے عمل میں ضروری رہنمائی اور تکنیکی معاونت فراہم کرنا ہے۔ جامعہ تربت کی جانب سے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق، آن لائن داخلہ فارم جمع کراتے وقت اگر کسی امیدوار کو محدود انٹرنیٹ یا کسی بھی قسم کی تکنیکی دشواری کا سامنا ہو، تو وہ اپنی تمام تعلیمی اسناد اور مطلوبہ کوائف کے ہمراہ سٹی کیمپس (شعبہ لاء) تشریف لاکر داخلہ سیل کے عملے سے رابطہ کریں۔ واضح رہے کہ داخلہ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ 16 اکتوبر 2026 مقرر کی گئی ہے۔ مزید معلومات کے لئے فون نمبر 0852-400539 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ 38

ذریعہ بنانا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول گوادر میں عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر منعقدہ پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں گوادر بھر کے دینی وعصری، سرکاری و نجی تعلیمی اداروں کے اساتذہ کرام، علمائے کرام، سماجی، سیاسی اور قوم پرست رہنماں سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ استاد معاشرے کا معمار اور نئی نسل کی کردار سازی میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔ اساتذہ کی عزت و تکریم دراصل علم، تعلیم اور قوم کے مستقبل کی عزت ہے۔ ایک باشعور، تعلیم یافتہ اور ہنرمند نسل ہی بلوچستان کو ترقی، خوشحالی اور امن کی راہ پر گامزن کرسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں تعلیم کے فروغ کے لیے سرکاری و نجی اداروں کو مل کر کردار ادا کرنا ہوگا۔ حکومت کو اخلاص اور ترجیحات کے ساتھ تعلیم کے شعبے پر زیادہ سے زیادہ وسائل خرچ کرنے چاہئیں۔ غریب اور متوسط طبقے کے بچوں کے لیے معیاری اور سستی تعلیم کی فراہمی یقینی بنانا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ تعلیمی اداروں میں جدید علوم، فنی تعلیم، آئی ٹی اور مارکیٹ کی ضروریات سے ہم آہنگ ہنر سکھانے پر خصوصی توجہ دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا تیزی سے ٹیکنالوجی کی طرف بڑھ رہی ہے، ہمیں بھی اپنی نوجوان نسل کو جدید علوم اور ہنر سے آراستہ کرنا ہوگا تاکہ وہ روزگار کے حصول کے ساتھ ساتھ ملکی وصوبائی معیشت میں بھی مؤثر کردار ادا کرسکیں۔ بلوچستان کے نوجوان باصلاحیت ہیں، انہیں صرف بہتر تعلیمی مواقع، رہنمائی اور وسائل فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی، امن اور کامیابی کے لیے ضروری ہے کہ تعلیم کو اولین ترجیح دی جائے۔ دینی وعصری تعلیم میں توازن قائم کرتے ہوئے نئی نسل کو علم، اخلاق، کردار، ہنر اور جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ کیا جائے۔ یہی وہ راستہ ہے جس کے ذریعے ہم غربت، جہالت اور بے روزگاری جیسے مسائل پر قابو پاسکتے ہیں۔ تقریب کے اختتام پر مولانا ہدایت الرحمن بلوچ اور دیگر رہنماں نے تعلیمی شعبے میں بہترین خدمات سرانجام دینے والے اساتذہ کرام اور دیگر شخصیات میں اعزازی شیلڈز، انعامات اور تحائف تقسیم کیے۔

بقیہ 39

یوں کی واپسی کا تیسرا مرحلہ جاری ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ایف آئی اے کو وسائل اور افرادی قوت کی کمی کا سامنا ہے، نئی بھرتیوں کا عمل مکمل ہونے پر بہت سے مسائل حل ہوجائیں گے۔

بقیہ 40

بھی اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کا دورہ کریں گے جہاں وہ سیلاب کے بعد آفات سے نمٹنے کی تیاری کا خود مشاہدہ کریں گے۔ 2022 میں پاکستان کو شدید سیلاب کا سامنا کرنا پڑا تھا جس کے بعد اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا تھا۔ اسلام آباد میں انتونیو گوتریس اقوام متحدہ کے ملٹری آبزرور گروپ ان انڈیا اینڈ پاکستان کے ہیڈکوارٹرز کا بھی دورہ کریں گے۔ یو این ایم او جی آئی پی بھارت اور پاکستان میں اقوام متحدہ کے فوجی مبصرین کا مشن ہے

بقیہ 41

اثرات پر مشاورت ہوگی۔ ذرائع کے مطابق مذاکراتی عمل میں پیش رفت نہ ہونے کی صورت میں آئندہ سیاسی حکمت عملی پر بھی غور کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق خیبرپختونخوا میں ممکنہ آئینی اقدامات کے قانونی اور سیاسی پہلوؤں کا جائزہ لیا جائے گا۔ گورنر راج یا ایمرجنسی کے نفاذ سمیت مختلف آئینی آپشنز پر وزیراعظم اور صدر میں مشاورت متوقع ہے۔ گورنر راج یا ایمرجنسی کے نفاذ سے متعلق حتمی فیصلہ وزیراعظم، صدر اور رفقاء باہمی مشاورت سے کریں گے، لانگ مارچ، صوبائی حکومت کے کردار اور امن و امان کی صورتحال کو سامنے رکھتے ہوئے آئندہ لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق خیبرپختونخوا میں آئینی آپشن استعمال کرنے سے متعلق تمام سیاسی اور قانونی پہلوؤں پر غور ہوگا، وفاقی حکومت کی جانب سے صوبے میں امن و امان برقرار رکھنے کے لیے ممکنہ اقدامات پر بھی مشاورت ہوگی۔

بقیہ 42

ن صاحب ٹوئٹر پر ٹرینڈ رہا۔ پارٹی کے سوشل میڈیا سیل نے عمران خان کی سالگرہ پر بچوں میں تحائف تقسیم کیے، تحریک انصاف نے عمران خان کے فالوورز کو نرم دلی کے مظاہرے کی بھی تلقین کی۔

بقیہ 43

سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر اپنے بیان میں جنید اکبر نے دعویٰ کیا ہے کہ 8 اکتوبر کو پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا اجتماع ہوگا، تاہم اس کے ساتھ ہی انہوں نے پارٹی کے اندر موجود مبینہ مفاد پرست عناصر کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا کہ جو قیادت بانی چیئرمین عمران خان کے بیانیے اور نظریے کے ساتھ نہیں چل سکتی، وہ مہربانی کرکے خود ایک طرف ہوجائے اور دوسروں کو آگے بڑھنے کا موقع فراہم کرے۔ جنید اکبر نے پارٹی کارکنان کو ہدایت کی کہ وہ ایسی تمام قیادت پر گہری نظر رکھیں جو صرف خانہ پری کر رہی ہے، ایسے افراد کی نشاندہی کریں اور مستقبل میں ان کے ٹکٹوں اور پارٹی عہدوں کی بھرپور مخالفت کریں۔ پارٹی میں اب یہ دوغلا پن مزید نہیں چلے گا کہ ایک طرف کچھ لوگ طویل جیلیں کاٹ رہے ہیں، روزانہ مقدمات اور نااہلیوں کا سامنا صرف عمران خان سے وفاداری کی پاداش میں کر رہے ہیں، دوسری طرف کچھ نام نہاد رہنما نہ تو کارکنان کا بوجھ اٹھانے کو تیار ہیں اور نہ ہی عمران خان کے نظریے کا بوجھ اٹھا سکتے ہیں۔ وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کے حوالے سے بات کرتے ہوئے جنید اکبر نے کہا کہ سہیل آفریدی کی نااہلی کی واحد وجہ صرف عمران خان سے ان کی غیر مشروط وفاداری ہوگی، اور اب اس طرح کا سلسلہ ختم ہونا چاہیے، عمران خان کے وفاداروں کے خلاف کسی بھی قسم کے ناانصافی پر مبنی فیصلے آنے کے بعد تمام رہنماؤں کو اس کرپٹ سسٹم سے باہر نکلنا ہوگا

بقیہ 44

انہوں نے پیر کو صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی آفس میں محکمہ لوکل گورنمنٹ کی جانب سے میونسپل سروسز انیشی ایٹو 2026 کے تحت لوکل گورنمنٹ اداروں کو جدید مشینری کی فراہمی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر وزیراعلیٰ کے مشیر برائے لوکل گورنمنٹ نوابزادہ بابا امیر حمزہ زہری نے منصوبے کی خصوصیات پر روشنی ڈالی۔ تقریب میں صوبائی وزراء، میر شعیب نوشیروانی، میر صادق عمرانی، میر سلیم خان کھوسو، میر ظہور احمد بلیدی، حاجی علی مدد جتک، میر عاصم کرد گیلو، ملک نعیم بازئی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم، وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند، ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے جہانزیب خان، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ رؤف بلوچ، مختلف محکموں کے سیکرٹریز، کمشنر کوئٹہ، دیگر اعلیٰ حکام اور معزز مہمانوں نے شرکت کی وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ آج کا دن بلوچستان کے لیے اہم ہے، بالخصوص ان رفقاء کے لیے جو صوبے کے عوام کی خدمت کے لیے کام کر رہے ہیں بلوچستان میں یہ اپنی نوعیت کا پہلا اقدام ہے جس کے تحت میونسپل کمیٹیوں کو جدید مشینری فراہم کی جارہی ہے تاکہ شہروں میں صفائی ستھرائی اور میونسپل سروسز کا نظام بہتر بنایا جاسکے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں لوکل گورنمنٹ کا نظام موجود ہے اور صوبہ ملک کا واحد صوبہ ہے جہاں بلدیاتی انتخابات منعقد کیے گئے ہیں۔ مقامی حکومتوں کی موجودہ مدت فروری 2027 میں مکمل ہو رہی ہے، جس کے بعد بلدیاتی انتخابات منعقد کرائے جائیں گے۔ حکومت بلوچستان آئندہ بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے لیے مکمل طور پر تیار ہے اور بلدیاتی نظام کو مزید مضبوط بنانے کے ساتھ انتخابات کے انعقاد میں کسی قسم کا حیلہ یا بہانہ نہیں کیا جائے گا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ انتخابات کے بعد میونسپل کمیٹیوں کی سطح پر عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی اور اداروں کی کارکردگی میں مزید بہتری کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔ لوکل گورنمنٹ وہ نظام ہے، جس کی براہ راست رسائی عام آدمی تک ہے اور اسے مؤثر بنانے سے گورننس کے معیار میں بہتری آتی ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہمارے پاس انسانی وسائل محدود ہیں جبکہ عوامی ضروریات اور میونسپل سروسز کا دائرہ وسیع ہے۔ دنیا جدید ٹیکنالوجی اور مشینری کی طرف بڑھ رہی ہے، اس لیے صرف انسانی قوت کے ذریعے صفائی کا نظام مؤثر بنانا ممکن نہیں۔ اسی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے میونسپل سروسز کے لیے جدید مشینری فراہم کرنے کا فیصلہ کیا گیا انہوں نے کہا کہ حکومت کا فوکس میونسپل سروسز پر ہے اور دستیاب فزیکل اسپیس کو بھی مدنظر رکھتے ہوئے شہروں میں صفائی، نکاسی آب اور کچرے کی منتقلی کے نظام کو بہتر بنایا جارہا ہے۔ حکومت کی جانب سے دیگر شعبوں میں بھی بنیادی سہولیات کی فراہمی پر کام جاری ہے اور صوبے کے اسکولز اور صحت کے مراکز فعال کیے جا رہے ہیں وزیراعلیٰ نے بتایا کہ پہلے مرحلے میں میونسپل کمیٹیوں کو 15 کے قریب سیوریج سکشن ٹرکس، 87 سینی ٹیشن رکشے، 350 سے زائد گاربیج کنٹینرز، 500 ہینڈ کارٹس اور 700 سے زائد ڈسٹ بنز سمیت مختلف مشینری اور آلات فراہم کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہینڈ کارٹس اور سینی ٹیشن رکشے اس لیے بھی اہم ہیں کہ بلوچستان کے شہروں میں بہت سی تنگ گلیاں موجود ہیں جہاں بڑے ٹرک نہیں پہنچ سکتے۔ دوسرے مرحلے میں اس مشینری اور آلات کی تعداد کو مزید بڑھایا جائے گا انہوں نے کہا کہ حکومت نے ضلعی حکومتوں کے فنڈز میں بھی اضافہ کیا ہے تاکہ مقامی سطح پر عوامی مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو بہتر بنایا جا سکے۔ چمن شہر میں صفائی کی صورتحال کا حوالہ دیتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان اسمبلی کے اسپیکر کے بیٹے کے انتقال پر وہ اور چیف سیکرٹری فاتحہ خوانی کے لیے چمن گئے تھے، راستے میں 12 سے 13 فٹ بلند کچرے کے ڈھیر دیکھے گئے۔ واپسی پر ڈپٹی کمشنر سے صورتحال کے بارے میں دریافت کیا گیا تو بتایا گیا کہ شہر میں کچرا ٹھکانے لگانے کے لیے ڈمپنگ سائٹ موجود نہیں۔ تاہم موقع پر متعلقہ ڈپٹی کمشنر کو چمن سے صورتحال بہتر بنانے کی ہدایت کی گئی اور اسی ڈپٹی کمشنر نے صورتحال کو چیلنج سمجھتے ہوئے پورے چمن شہر میں صفائی مہم شروع کی اور سالوں سے جمع کچرے کو ختم کیا جس سے چمن شہر میں صفائی اور کچرے کو ٹھکانے لگانے کے نظام میں نمایاں بہتری آئی وزیراعلیٰ نے عوام سے اپیل کی کہ صفائی کا اہتمام سب سے پہلے اپنے گھروں اور اردگرد کے ماحول سے شروع کریں۔ حکومت مشینری اور وسائل فراہم کرسکتی ہے، تاہم صفائی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے عوام کا تعاون اور عملی شمولیت بھی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے عوام کو نئی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں اور ان سہولیات کے استعمال اور کارکردگی کا احتساب بھی ہوگا۔ صفائی کے نظام کی نگرانی اور عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے ایسی ایپس متعارف کرائی گئی ہیں جن کے ذریعے شہری براہ راست چیف منسٹر سیکرٹریٹ تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مقامی سطح پر صفائی میں غفلت یا کوتاہی کی صورت میں انتظامی افسران اور لوکل گورنمنٹ کے متعلقہ عملے کو ذمہ دار ٹھہرایا جائے گا اور سخت باز پرس کی جائے گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت نے کوئٹہ کے لیے میٹرو ریلوے سروس شروع کی ہے جس سے عوام کو نئی سفری سہولت میسر آئی ہے، تاہم سروس کے آغاز کے بعد معمولی نوعیت کے ایک واقعے کو بنیاد بنا کر اعتراضات اور تنقید شروع کردی گئی۔ انہوں نے کہا کہ ٹرین کے چند نٹ بولٹ نکلنے کے واقعے کو کرپشن سے جوڑنا مناسب نہیں، یہ عوام کے لیے ایک نئی سفری سہولت ہے، اسے چلنے اور بہتر ہونے کا موقع دینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ مثبت تنقید سے حکومت کو اپنی سمت درست کرنے میں مدد ملتی ہے، تاہم ہر معاملے کو منفی انداز میں دیکھنا مناسب نہیں، خصوصاً ایسی تنقید کچھ افراد کا وطیرہ ہے جو ہر اچھے منصوبے میں بھی منفی پہلو تلاش کرتے ہیں پولی تھین بیگز کے حوالے سے وزیراعلیٰ نے کہا کہ شاپرز آلودگی میں اضافے اور صفائی کے نظام میں رکاوٹ کا ایک بڑا سبب ہیں۔ انہوں نے مشیر بلدیات کو ہدایت کی کہ پولی تھین بیگز کے خلاف مہم کی خود نگرانی کریں اور عوام و دکانداروں کو چار ماہ تک آگاہی فراہم کی جائے، جس کے بعد پورے بلوچستان میں پولی تھین بیگز پر مکمل پابندی عائد کر دی جائے گی۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے حکومت کو خدمت کا موقع دیا ہے اور اب متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ فراہم کردہ مشینری اور وسائل کو مؤثر انداز میں استعمال کریں۔ عام بلوچستانی جو سردیوں میں ٹھٹھرتا اور گرمیوں میں شدید گرمیوں میں جھلستا ہے اسے عملی طور پر محسوس ہونا چاہیے کہ صوبے میں تبدیلی آرہی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے مشیر لوکل گورنمنٹ نوابزادہ امیر حمزہ زہری، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سمیت متعلقہ حکام کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ بلدیاتی ادارے اسی محنت اور جذبے کے ساتھ کام جاری رکھتے ہوئے عوام کو بہتر میونسپل اور صفائی کی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائیں گے۔ قبل ازیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے لوکل گورنمنٹ اسٹریٹجک منصوبے میونسپل سروسز انیشی ایٹو 2026 کا افتتاح کیا اور مشینری کا معائنہ کیا۔

بقیہ 45

عادل عزیز نے کیسکو ٹرانسفارمر ورکشاپ، ریجنل اسٹور اور (ایم اینڈ ٹی) ورکشاپ کے مختلف سیکشن کا معائنہ کیا۔ دورے کے موقع پر کیسکو کے منیجر ریجنل اسٹور انجینئر شبیر احمد مستوئی، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل محمد جہانزیب، ڈپٹی منیجر (ٹرانسفارمر) ورکشاپ انجینئر ثنا اللہ زہری اور ڈپٹی منیجر (ایم اینڈ ٹی) انجینئر امیر علی بگٹی کے علاوہ دیگر افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ 46

کا جائزہ لینے کے لیے یکم نومبر کو دوبارہ اجلاس منعقد کرے گا اس سے قبل جی سیون ممالک نے 100 ملین بیرل تیل و پیٹرولیم مصنوعات میں سے ڈیزل کا بڑا حصہ اگلے 20 روز میں ریلیز کرنے کا وعدہ کیا ہے جبکہ باقی حصہ اگلے 4 ماہ کے دوران فراہم کیا جائے گا دوسری جانب شپ ٹریکنگ فرم کپلر نے دعویٰ کیا ہے کہ ستمبر کے آخری ہفتے کے 7 دنوں میں سے 4 دن مشرق وسطیٰ سے خام تیل کی برآمدات جنگ سے پہلے کی سطح سے زیادہ رہیں۔ رائٹرز کے مطابق جہازوں کی نقل و حرکت پر نظر رکھنے والی کمپنی کپلر کے اعداد و شمار میں انکشاف کیا گیا ہے کہ 24 ستمبر اور 27 سے 29 ستمبر کے دوران خطے سے خام تیل کی برآمدات روزانہ 19.5 ملین سے 22.5 ملین بیرل تک پہنچ گئیں جبکہ ایران کے خلاف امریکی اور اسرائیلی جنگ شروع ہونے سے قبل ایک سال کے دوران اوسطا برآمدات 18 ملین بیرل یومیہ تھیں

بقیہ 47

دباؤ کا شکار ہے، بڑھتے ہوئے اخراجات، ٹیکسز، ٹول ٹیکس اور دیگر مسائل کے باعث ٹرانسپورٹرز کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ حکومت ٹرانسپورٹرز کو درپیش مسائل کا فوری نوٹس لے اور ان کے حل کیلئے عملی اقدامات اٹھائے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹ کا شعبہ ملکی معیشت اور عوام کو سفری سہولیات کی فراہمی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، تاہم مسلسل بڑھتے ہوئے اخراجات نے ٹرانسپورٹرز کیلئے کاروبار جاری رکھنا مشکل بنا دیا ہے۔ ڈیزل، گاڑیوں کے پرزہ جات، ٹائرز، مرمت اور دیگر اخراجات میں اضافے کے باعث ٹرانسپورٹرز شدید مالی مشکلات سے دوچار ہیں، جبکہ دوسری جانب مسافروں کی مالی مشکلات کے پیش نظر کرایوں میں اضافہ بھی آسان نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹرز ملکی معیشت کا اہم حصہ ہیں اور ہزاروں خاندانوں کا روزگار اس شعبے سے وابستہ ہے۔ حکومت ٹرانسپورٹرز کے نمائندوں سے بامقصد مذاکرات کرے اور مسائل کے مستقل حل کیلئے جامع پالیسی تشکیل دے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ٹرانسپورٹرز پر عائد غیر ضروری بوجھ کم کیا جائے، ٹیکسز اور دیگر اخراجات پر نظرثانی کی جائے اور انہیں درپیش عملی مشکلات کے ازالے کیلئے فوری اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹرز عوام کو محفوظ، آرام دہ اور بروقت سفری سہولیات کی فراہمی کیلئے اپنا کردار ادا کر رہے ہیں، اس لیے حکومت کو بھی ٹرانسپورٹ شعبے کے استحکام کیلئے سنجیدہ اقدامات اٹھانے چاہئیں۔

بقیہ 48

نگ یارڈز کی سیکیورٹی و انتظامی امور سے متعلق جائزہ اجلاس BDA آفس گڈانی میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر حب، ایس ایس پی حب، ونگ کمانڈر ایف سی ونگ 147، ڈی ایس پی اسپیشل برانچ، سیکریٹری جنرل PSBA، جنرل منیجر BDA، فوکل پرسن D-SENREC/ILO، پروجیکٹ ڈائریکٹر MUGSBRI اور چیئرمین میونسپل کمیٹی گڈانی نے شرکت کی۔ اجلاس میں شپ بریکنگ انڈسٹری کی سیکیورٹی، ٹریفک، پروٹوکول اور دیگر انتظامی امور کا جائزہ لیا۔

بقیہ 49

استہ نسل کی تیاری ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ کو جدید تعلیمی وسائل اور پیشہ ورانہ تربیت کے مواقع فراہم کرنا ناگزیر ہے، جبکہ ڈیجیٹل دور میں اساتذہ کو جدید ٹیکنالوجی اور نئے تعلیمی رجحانات سے ہم آہنگ کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ معیاری تعلیم کے فروغ کے لیے اساتذہ کی استعداد کار میں اضافہ کیا جانا چاہیے۔ اساتذہ کی فلاح و بہبود اور مسائل کا ازالہ قومی ذمہ داری ہے، انہیں معاشرے میں باعزت اور سازگار ماحول فراہم کیا جانا چاہیے۔ سیدال خان ناصر نے کہا کہ ملک بھر کے اساتذہ کی تعلیمی و قومی خدمات قابل تحسین ہیں، ان کی محنت اور عزم پاکستان کے روشن اور بہتر مستقبل کی بنیاد ہے۔

بقیہ 50

معاشرے کا وہ عظیم معمار ہے جو علم، تربیت، شعور اور کردار سازی کے ذریعے نئی نسل کی رہنمائی کرتا ہے، جبکہ قوموں کی ترقی اور روشن مستقبل کی بنیاد بھی اساتذہ ہی کی محنت سے مضبوط ہوتی ہے۔ میر ارشد حسین جمالی نے کہا کہ ان کی زندگی میں آج جو مقام اور ذمہ داریاں ہیں، ان کے حصول میں ان کے اساتذہ کی تعلیم، تربیت، رہنمائی اور محنت کا اہم کردار ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ خود بھی شعبہ تدریس سے وابستہ رہ چکے ہیں، اس لیے استاد کے مقدس پیشے کی ذمہ داریوں، مشکلات اور اہمیت سے بخوبی آگاہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک استاد کا کردار محض طلبہ کو کتابی علم فراہم کرنے تک محدود نہیں بلکہ وہ بچوں کی شخصیت سازی، اخلاقی تربیت، مثبت سوچ، شعور اور خود اعتمادی کو پروان چڑھانے میں بھی بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔

موجودہ چیلنجز کا مقابلہ، غربت، ناخواندگی اور بے روزگاری سے نجات کا راستہ علم، تعلیم اور جدید ٹیکنالوجی سے ہو کر گزرتا ہے

اساتذہ کی تکریم، معیاری تعلیم، ہنر اور ٹیکنالوجی پر توجہ وقت کی اہم ضرورت ہے، مولانا ہدایت الرحمن

استاد معاشرے کا معمار اور نئی نسل کی کردار سازی میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے، رکن بلوچستان اسمبلی کا خطاب

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا ہے کہ اساتذہ کی تکریم، عصری و دینی تعلیم کے ساتھ ہنر اور ٹیکنالوجی پر توجہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ موجودہ چیلنجز کا مقابلہ، غربت، ناخواندگی اور بے روزگاری سے نجات کا راستہ علم، تعلیم اور جدید ٹیکنالوجی سے ہو کر گزرتا ہے۔ تعلیم کو کاروبار کے بجائے خدمت، کردار سازی اور دنیا و آخرت کی سرخروئی و کامیابی کا (باقی صفحہ 3 نمبر38)

ڈنکی لگانے والوں نے غیر قانونی سفر کے راستے تبدیل کر لئے

اب فضائی راستوں سے یورپ جانے کی کوشش کرتے ہیں، ڈی جی ایف آئی اے

لاہور (جی این ایم) ڈی جی ایف آئی اے ڈاکٹر عثمان انور نے کہا ہے کہ ڈنکی لگانے والوں نے غیر قانونی سفر کے راستے تبدیل کر لئے ہیں۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈی جی ایف آئی اے نے کہا کہ نوجوان بہتر مستقبل کے لئے بیرون ملک کا رخ کرتے ہیں لیکن یورپ میں بھی اب حالات پہلے جیسے بہتر نہیں رہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈنکی لگانے والوں نے غیر قانونی سفر کے راستے تبدیل کر لئے ہیں، ڈنکی لگانے والے اب فضائی راستوں سے یورپ جانے کی کوشش کرتے ہیں۔ ڈی جی ایف آئی اے کا کہنا تھا کہ غیر قانونی طور پر مقیم افغان شہر (باقی صفحہ 3 نمبر39)

جامعہ تربت میں اسپرنگ 2027 داخلوں کے لیے خصوصی ایڈمیشن سیل قائم

تربت (خ ن) جامعہ تربت کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن کی خصوصی ہدایت پر امیدواروں کی سہولت کو مد نظر رکھتے ہوئے اسپرنگ 2027 کے داخلوں کے سلسلے میں یونیورسٹی کے سٹی کیمپس (شعبہ لاء) میں ایک خصوصی ایڈمیشن سیل قائم کر دیا گیا ہے۔ اس سیل کا بنیادی مقصد (باقی صفحہ 3 نمبر37)

کوئٹہ جرائم کی آماجگاہ بن چکا ہے، جمعیت (ف) کوئٹہ

انتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے جرائم کے تمام اڈے سرکاری اداروں کی نظروں کے سامنے قائم ہیں

امن و امان کی بحالی کیلئے 9 اکتوبر کو جناح روڈ سے عظیم الشان امن ریلی نکالی جائے گی، مولانا عبدالرحمن رفیق

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد، سیٹھ اجمل بازئی، میر حشمت لہڑی، مفتی رضا خان، حاجی ظفر اللہ کاکڑ، میر سرفراز شاہوانی، سالار مولانا علی جان، مولانا سید سعداللہ آغا اور مولانا نقیب اللہ ملاخیل نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں امن و امان کی مسلسل بگڑتی صورتحال بڑھتے (باقی صفحہ 3 نمبر36)

کالجوں اور یونیورسٹیوں میں طلبہ وطالبات کیلئے چار روزہ تربیتی سیشنز منعقد کیے گئے، جن میں ایک ہزار سے زائد نوجوانوں کی شرکت

بلوچستان یوتھ ڈویلپمنٹ پروگرام، ایک ہزار سے زائد نوجوانوں کی تربیت مکمل

امور نوجوانان حکومت بلوچستان کے زیر اہتمام بلوچستان یوتھ ڈویلپمنٹ پروگرام کے پہلے مرحلے کا کامیابی سے اختتام ہو گیا

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے خصوصی اقدامات برائے نوجوانان کے تحت محکمہ امور نوجوانان حکومت بلوچستان کے زیر اہتمام بلوچستان یوتھ ڈویلپمنٹ پروگرام کے پہلے مرحلے کا کامیابی سے اختتام ہو گیا۔ پہلے مرحلے میں صوبے کے مختلف اضلاع کے کالجوں اور یونیورسٹیوں میں طلبہ وطالبات کے لیے چار روزہ تربیتی سیشنز منعقد کیے گئے، جن میں ایک ہزار سے زائد نوجوانوں نے شرکت کی۔ پروگرام (باقی صفحہ 3 نمبر1)

ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری خواتین کے مسائل سن رہی ہے

بلوچستان میں 15 اکتوبر سے سرکاری دفاتر کے نئے اوقات کار جاری

پانچ روزہ دفتری ہفتے میں پیر تا جمعرات صبح ساڑھے 8 سے شام 4 بجے تک دفاتر کھلے رہیں گے

کوئٹہ (خ ن) محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن (ایس اینڈ جی اے ڈی)، حکومت بلوچستان کی جانب سے تمام انتظامی محکموں اور ان کے ماتحت دفاتر کی عمومی معلومات کے لیے مطلع کیا گیا ہے کہ سردیوں کے موسم کے دوران 15 اکتوبر 2026ء سے 14 اپریل 2027 تک پانچ روزہ دفتری ہفتے کی بنیاد پر سرکاری دفاتر کے اوقات کار درج ذیل ہوں گے۔ پیر تا جمعرات کو صبح 30:08 بجے سے شام 00:04 بجے تک، جبکہ دوپہر 30:01 بجے سے 00:02 بجے تک نماز اور کھانے کا وقفہ ہوگا۔ جمعہ کو صبح 30:08 بجے سے دوپہر 30:03 بجے تک، جبکہ 01: (باقی صفحہ 3 نمبر2)

دالبندین میں مسلح افراد کا نادرا آفس پر حملہ، عمارت نذر آتش

دالبندین (یو این اے) ضلع چاغی کے علاقے یک مچ میں نامعلوم مسلح افراد نے پاک ایران شاہراہ پر ناکہ بندی کر کے نادرا آفس کا گھیرا کیا اور عمارت کو آگ لگا کر نذر آتش کر دیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق مسلح افراد میں مردوں کے ساتھ خواتین بھی شامل تھیں، جنہوں (باقی صفحہ 3 نمبر3)

یو این سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس آج پاکستان پہنچیں گے

انتونیو گوتریس نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کا دورہ کرینگے، اعلی قیادت سے ملاقاتیں کرینگے

یو این ایم او جی آئی پی بھارت اور پاکستان میں اقوام متحدہ کے فوجی مبصرین کا مشن ہے

اسلام آباد (جی این ایم) اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس اہم دورے پر آج (منگل کو) پاکستان پہنچیں گے۔ اپنے دورہ پاکستان کے دوران اقوام متحدہ سیکریٹری جنرل اسلام آباد میں اعلی قیادت سے ملاقاتیں کریں گے جن میں وزیراعظم محمد شہباز شریف، نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار اور صدر مملکت آصف علی زرداری شامل ہیں۔ اس مرتبہ (باقی صفحہ 3 نمبر4)

صومالی قزاقوں کے ہاتھوں جاں بحق کاشف عمر کی نماز جنازہ کراچی میں ادا

نماز جنازہ میں گورنر سندھ، امیر جماعت اسلامی کراچی سمیت علاقہ مکینوں کی بڑی تعداد میں شرکت

کراچی (جی این ایم) صومالی قزاقوں کے خلاف آپریشن کے دوران جاں بحق ہونے والے سیکنڈ آفیسر سید کاشف عمر کی نماز جنازہ بفرزون کی غوث الاعظم مسجد میں ادا کر دی گئی۔ نماز جنازہ میں گورنر سندھ نہال ہاشمی، امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان سمیت علاقہ (باقی صفحہ 3 نمبر5)

اساتذہ قوم کے مستقبل کے معمار ہیں، میر ظہور بلیدی

تعلیم یافتہ نوجوان بلوچستان کا روشن مستقبل ہیں ان کی محنت اور رہنمائی روشن مستقبل کی بنیاد ہے

مضبوط اور معیاری تعلیمی نظام ہی ایک ترقی یافتہ، باشعور اور خوشحال معاشرے کی ضمانت بن سکتا ہے

کوئٹہ (خ ن) میر ظہور بلیدی کا عالمی یوم اساتذہ پر اساتذہ کو خراج تحسین میر ظہور بلیدی نے عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر ملک بھر بالخصوص بلوچستان کے اساتذہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اساتذہ قوم کے مستقبل کے معمار ہیں، ان کی محنت اور رہنمائی روشن مستقبل کی بنیاد ہے۔ میر ظہور بلیدی نے کہا کہ تعلیم ترقی کی بنیادی شرط اور معاشرے کی خوشحالی کا اہم ذریعہ ہے۔ بلوچستان کی پائیدار ترقی کے لیے (باقی صفحہ 3 نمبر32)

عالمی یوم اساتذہ پر اساتذہ کو خراج تحسین، کاشف حیدری

اساتذہ قوم کے معمار اور معاشرے کی ترقی کی بنیاد ہیں، ترجمان

کوئٹہ (یو این اے) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری نے عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر ملک بھر کے اساتذہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ استاد کسی بھی معاشرے کی فکری، اخلاقی اور تعلیمی بنیاد مضبوط کرنے میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔ اساتذہ نئی نسل کو صرف کتابی علم فراہم نہیں کرتے بلکہ ان کی کردار سازی، شعوری بیداری اور (باقی صفحہ 3 نمبر31)

نواب شاہ، تیز رفتار کار اور آئل ٹینکر کی ٹکر سے خواتین اور بچوں سمیت 6 افراد جاں بحق

نواب شاہ (جی این ایم) نواب شاہ میں ٹریفک حادثے میں 6 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق ٹریفک حادثہ (باقی صفحہ 3 نمبر6)

منشیات ڈیلر انمول پنکی کے گرد گھیرا ایک بار پھر تنگ، فرد جرم عائد

کراچی (جی این ایم) منشیات ڈیلر انمول عرف پنکی کے گرد قانونی گھیرا ایک بار پھر تنگ ہو رہا ہے، جبکہ عدالت نے ملزمہ پر فرد جرم عائد کر دی۔ سیشن عدالت نے انمول عرف (باقی صفحہ 3 نمبر29)

مولانا محمد حنیف کی یاد میں شہید اسلام کانفرنس 9 اکتوبر کو جامعہ دار العلوم میں منعقد ہوگی

کانفرنس میں علما کرام اور سیاسی و مذہبی رہنما بڑی تعداد میں شرکت کریں گے، جمعیت علما اسلام کی اپیل

چمن (یو این اے) جمعیت علما اسلام کے زیر اہتمام شہید اسلام، خادم انسانیت مولانا محمد حنیف کی یاد میں عظیم الشان شہید اسلام کانفرنس 9 اکتوبر بروز جمعہ جامعہ دار العلوم اسلامیہ چمن میں منعقد ہوگی۔ کانفرنس فرزند و جانشین شہید اسلام، جمعیت علما اسلام تحصیل چمن کے امیر مولانا مفتی محمد قاسم کی زیر نگرانی منعقد کی جائے گی۔ کانفرنس کا مقصد مولانا محمد حنیف کی دینی، سیا (باقی صفحہ 3 نمبر30)

سوات، شمالی اور شمال مغربی علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے، شدت 4.9 ریکارڈ

سوات (جی این ایم) ملک کے شمالی اور شمال مغربی علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ سوات، بونیر، چترال، آزاد کشمیر اور دیگر علاقوں میں زلزلے کی شدت 4.9 ریکارڈ کی گئی، امریکی جیولوجیکل سروے کے مطابق زلز (باقی صفحہ 3 نمبر28)

عالمی یوم اساتذہ پر ہوپ پبلک ہائی اسکول بسیمہ میں پروقار تقریب

طلبہ کی شخصیت سازی اور روشن مستقبل کے لیے استاد کی رہنمائی ناگزیر ہے، مقررین

بسیمہ (اے این این) عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر محلہ ہائز ایجوکیشن کے زیر اہتمام ہوپ پبلک ہائی اسکول بسیمہ میں ایک پروقار اور خوبصورت تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں طلبہ و طالبات، پرنسپل، اساتذہ کرام اور دیگر متعلقہ افراد نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کا مقصد اساتذہ کی خدمات، ان کی محنت، رہنمائی اور معاشرے کی تعمیر و ترقی میں ان کے بنیادی کردار کو اجاگر (باقی صفحہ 3 نمبر33)

تربت، ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی بی ایس ڈی آئی کے منصوبوں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گنداخہ، اسسٹنٹ کمشنر ماریہ شمعون کا بازار کا دورہ، گرانفروشی پر مختلف دکانداروں پر جرمانے عائد

عوام کو مقررہ نرخوں پر معیاری اشیائے ضروریہ کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی، ذخیرہ اندوزی ہرگز برداشت نہیں، ماریہ شمعون

گنداخہ (یو این اے) اسسٹنٹ کمشنر ماریہ شمعون نے گنداخہ شہر کے مختلف بازاروں اور مارکیٹوں کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں، معیار اور سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد کا تفصیلی جائزہ لیا مختلف دکانداروں پر جرمانے عائد، تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر ماریہ شمعون نے مختلف دکانوں، کریانہ، میڈیکل اسٹور، سبزی فروشوں اور گوشت کی دکانوں کا معائنہ کیا اور دکانداروں سے اشیا کی قیمتوں، نرخنامے اور معیار کے حوالے سے معلوما (باقی صفحہ 3 نمبر25)

ضلعی انتظامیہ کا شہر میں تندوروں کے خلاف کریک ڈاؤن، 22 افراد گرفتار

کوئٹہ (خ ن) ضلعی انتظامیہ کا شہر میں تندوروں کے خلاف کریک ڈاؤن، 22 افراد گرفتار تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی ہدایات پر ضلعی انتظامیہ کوئٹہ نے شہر (باقی صفحہ 3 نمبر26)

لسبیلہ، شاہراہ N-25 پر کام کی سست رفتاری ناقابل قبول، سینیٹر اسد قاسم رونجھو

بیلہ کراچی روڈ بلوچستان کی معیشت اور مسافروں کی زندگی کے لیے انتہائی اہم ہے، تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی

اب تک کتنے فنڈز مختص اور خرچ کیے جا چکے ہیں اور منصوبے کی تکمیل کے لیے مقررہ ٹائم لائن کیا ہے

لسبیلہ (یو این اے) سنگل روڈ N-25 پر مزید تاخیر کیوں سینیٹر اسد قاسم رونجھو کا حکام سے دو ٹوک جواب طلب چیئرمین سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے کشمیر، گلگت بلتستان و سیفران سینیٹر اسد قاسم رونجھو نے بیلہ - کراچی N-25 شاہراہ منصوبے پر جاری کام کی سست رفتاری اور تاخیر پر متعلقہ حکام سے تحت جواب طلب کرتے ہوئے منصوبے کی رفتار تیز کرنے پر زور دیا ہے سینیٹر اسد قاسم رونجھو نے سینیٹ میں N-25 منصوبے کی موجودہ صورتحال، اب تک مختص کیے گئے مجموعی فنڈز اور کام میں تاخیر کی وجوہات سے متعلق تفصیلات طلب کیں۔ انہوں (باقی صفحہ 3 نمبر27)

امریکا اسرائیل میں مزید فوج اور طیارے تعینات کر رہا ہے، اسرائیلی میڈیا رپورٹ

واشنگٹن (جی این ایم) امریکا مشرق وسطی میں ممکنہ کشیدگی میں اضافے کے پیش نظر اسرائیل میں مزید فوج اور طیارے تعینات کرنے کی تیاری کر رہا ہے۔ اسرائیلی میڈیا (باقی صفحہ 3 نمبر23)

ڈپٹی کمشنر کیچ کی زیر صدارت بی ایس ڈی آئی ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ اجلاس

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی زیر صدارت بی ایس ڈی آئی (BSDI) کے ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں بی ایس ڈی آئی کے فیز 1، فیز 2 اور فیز 3 کے تحت جاری اور نامکمل ترقیاتی اسکیمات کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں مختلف ترقیاتی منصوبوں کی موجودہ صورتحال، کام کی رفتار، درپیش مسائل اور منصوبوں کی بروقت تکمیل سے متعلق امور پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اس موقع پر (باقی صفحہ 3 نمبر24)

قوموں کی ترقی اور خوشحالی کا راز معیاری تعلیم اور مخلص و قابل اساتذہ کی محنت میں پوشیدہ ہے

اساتذہ ہماری نئی نسل کے معمار ہیں، حاجی نور محمد دمڑ

اساتذہ کسی بھی معاشرے کی فکری، اخلاقی اور تعلیمی تربیت میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر کموڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ نے اساتذہ کے خصوصی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ اساتذہ کسی بھی معاشرے کی فکری، اخلاقی اور تعلیمی تربیت میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ استاد وہ عظیم شخصیت ہے جو نئی نسل کو علم کی روشنی سے منور کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی کردار سازی اور بہتر مستقبل کی بنیاد بھی فراہم کرتا ہے انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ 3 نمبر22)

گڈانی، کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء گڈانی شپ بریکنگ یارڈ کی سیکورٹی امور سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

قلعہ عبداللہ، اسسٹنٹ کمشنر سردار عبداللہ خان کی زیر صدارت چار ریونیو کورٹس کا انعقاد

قلعہ عبداللہ (یو این اے) قلعہ عبداللہ میں اسسٹنٹ کمشنر سردار عبداللہ خان کی زیر صدارت چار ریونیو کورٹس کا انعقاد کیا گیا، جس میں تحصیل قلعہ عبداللہ اور تحصیل دوبندی کے مختلف ریونیو کیسز کی باقاعدہ سماعت کی گئی۔ اس دوران دور دراز سے آئے ہوئے سائلین کے زمینوں اور دیگر ریونیو معاملات سے جڑے مسائل براہ را (باقی صفحہ 3 نمبر21)



آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر قلعہ سیف اللہ دورے کے موقع پر یادگار شہداء پر حاضری کے بعد دعا کر رہے ہیں

پی ٹی آئی لانگ مارچ میں ممکنہ رکاوٹوں کے خلاف پشاور ہائیکورٹ میں درخواست دائر

پشاور (جی این ایم) خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کے لانگ مارچ میں ممکنہ رکاوٹوں کے خلاف درخواست پشاور ہائی کورٹ میں دائر کر دی گئی۔ درخواست ایم این اے شاندانہ گلزار، شہریار آفریدی اور آصف خان کی جانب سے دائر کی گئی۔ تینوں اراکین قومی اسمبلی اور ان کے وکیل (باقی صفحہ 3 نمبر19)

حکومت عمران خان سے ملاقات کی اجازت دے، مسائل کا حل نکل آئے گا، شوکت یوسفزئی

وزیر داخلہ حقائق پر پردہ نہ ڈالیں، مذاکرات کی ناکامی کی اصل وجہ حکومت کا بدلتا ہوا موقف اور ہٹ دھرمی ہے

پشاور (پ ر) پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے سیکرٹری اطلاعات شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ حکومت عمران خان سے ملاقات کی اجازت دے، مسائل کا حل نکل آئے گا۔ (باقی صفحہ 3 نمبر20)

پسماندہ علاقوں میں اساتذہ کی خدمات ناقابل فراموش ہیں، میر گہنور سیال

معیاری تعلیم کا فروغ اور اساتذہ کو بہتر ماحول کی فراہمی ناگزیر ہے، عالمی یوم اساتذہ پر سیاسی رہنما کا پیغام

گنداخہ (یو این اے) معروف سیاسی و سماجی شخصیت میر گہنور خان سیال نے کہا ہے کہ استاد معاشرے کا وہ معمار ہے جو علم کے ساتھ ساتھ نئی نسل کی سوچ، کردار اور مستقبل کی بنیاد مضبوط کرتا ہے، جبکہ اساتذہ کی محنت کے اثرات صرف کلاس روم تک محدود نہیں رہتے بلکہ نسلوں تک منتقل ہوتے ہیں۔ انہوں نے یوم اساتذہ کے موقع پر اپنے جاری کردہ پیغام میں کہا کہ بلوچستان کے اساتذہ خصوصاً دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں محدود وسائل اور مختلف مشکلات کے باوجود بچوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز (باقی صفحہ 3 نمبر8)

ڈی جی سوشل ویلفیئر میر سیف اللہ خان کھیتران کا یوم اساتذہ پر پیغام، اساتذہ کی عظمت کو سلام

کوئٹہ (پ ر) ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ بلوچستان میر سیف اللہ خان کھیتران نے یوم اساتذہ کے موقع پر اپنے پیغام میں اساتذہ کی عظمت، خدمات اور معاشرے میں ان کے اہم کردار کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ انسان زندگی میں جس (باقی صفحہ 3 نمبر7)

نصیر آباد، گرین بیلٹ کی تباہ حالی اور مبینہ بدعنوانی کی شفاف تحقیقات کا مطالبہ

سرکاری وسائل کے ضیاع اور غفلت برتنے والوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے، زمیندار

نصیر آباد (یو این اے) زمینداروں نے مطالبہ کیا ہے کہ گرین بیلٹ کی موجودہ تباہ حالی اور مبینہ ناقص کارکردگی کی مکمل تحقیقات کی جائیں اور اگر ایکسین نصیر آباد کے خلاف الزامات ثابت ہوں تو قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے زمینداروں کا کہنا ہے کہ اینٹی کرپشن محکمہ دیر سے آئے مگر درست آئے اور تمام معاملات کی شفاف تحقیقات کر کے ذمہ داروں کا تعین کرے، تاکہ سرکاری وسائل کے ضیاع کا ازالہ اور آئندہ اس قسم کی مبینہ غفلت و بدعنوانی کی روک تھام یقینی بنائی جا سکے۔ زمینداروں نے مزید کہا کہ گرین بیلٹ کی بحالی اور سرکاری منصو (باقی صفحہ 3 نمبر34)

صحبت پور، تھانہ کلچر اور سیاسی مداخلت سے عوام کا پولیس پر اعتماد ختم

نان کسٹم پیڈ اور جعلی نمبر پلیٹ والی گاڑیوں کا استعمال عام، آئی جی بلوچستان سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور اور اس کے گرد و نواح بشمول تحصیل پہنور سبزی، پنجھی پور، سعید خان، حیدر دین، فرید آباد اور جیا خان کھوسو کے تھانے عوام کے لیے عقوبت خانے بن چکے ہیں جہاں 90 فیصد سے زائد لوگ موٹر سائیکل چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں پر پولیس تھانوں کے بجائے قبائلی طریقوں یا دلالوں کے ذریعے تاوان دے کر اپنا سامان واپس کرانے پر مجبور ہیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ رشوت، کھاتہ نظام اور سیاسی مداخلت نے (باقی صفحہ 3 نمبر9)

ڈپٹی کمشنر موسی خیل کا یوم اساتذہ کی تقریب سے خطاب، اساتذہ کی خدمات کو خراج تحسین

کوئٹہ (پ ر) ڈپٹی کمشنر موسی خیل عبدالرزاق خجک نے یوم اساتذہ کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ استاد معاشرے کا معمار اور قوم کے مستقبل کا حقیقی معمار ہوتا ہے، جو نئی نسل کو علم و شعور فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی اخلاق و کردار سازی (باقی صفحہ 3 نمبر10)

موجودہ حالات میں تنظیمی بحالی اور تنظیمی صفوں کو مضبوط بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، پی ایس ایف

تنظیم کو کالج اور یونیورسٹی سطح پر مزید فعال اور منظم کرتے ہوئے طلباء کے مسائل کو موثر انداز میں اجاگر کرنا ہوگا

کوئٹہ (اے این این) پشتون سٹوڈنٹس فیڈریشن بلوچستان کی صوبائی کابینہ نے سائنس کالج کوئٹہ کا تنظیمی دورہ کیا جہاں تنظیمی امور، طلباء کے مسائل اور موجودہ تعلیمی و سیاسی صورتحال کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے پشتون سٹوڈنٹس فیڈریشن بلوچستان کے صوبائی صدر رزاق عاصم نے کہا کہ موجودہ حالات میں پشتون سٹوڈنٹس فیڈریشن کی تنظیمی بحالی اور تنظیمی صفوں کو مضبوط بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ تنظیم کو کالج اور یونیورسٹی سطح پر مزید فعال اور منظم کرتے ہوئے طلباء کے مسائل کو موثر انداز میں اجاگر کرنا ہوگا (باقی صفحہ 3 نمبر35)

دشت، خاران اور ماشکیل کے دور افتادہ علاقوں میں طبی سہولیات کی فراہمی؛ مریضوں کو مفت علاج اور ادویات فراہم کی گئیں

جنوبی بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کے 249 فری میڈیکل کیمپس، 15 ہزار سے زائد افراد مستفید

ایسے اقدامات سے ان علاقوں کے لوگوں کو بنیادی صحت کی سہولیات ان کی دہلیز کے قریب میسر آ رہی ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جنوبی بلوچستان کے دور افتادہ اور پسماندہ علاقوں میں عوام کو بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے سیکیورٹی فورسز کی جانب سے فری میڈیکل کیمپس کا سلسلہ جاری ہے۔ ستمبر 2026 کے دوران مختلف علاقوں میں 249 فری میڈیکل کیمپس منعقد کیے گئے، جن سے ہزاروں مقامی افراد نے استفادہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق سیکیورٹی فورسز کی جانب سے تربت، مند، ہوشاب، دشت، خاران او (باقی صفحہ 3 نمبر18)

مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ، صوبائی اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر میر سلیم کھوسہ کوئٹہ میں مسلم لیگ (ن) کے صوبائی سیکرٹریٹ کے افتتاح کے موقع پر کارکنوں سے خطاب کر رہے ہیں

شیرانی، گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول خان عالم میں عالمی یوم اساتذہ پر پروقار تقریب

استاد نئی نسل کی کردار سازی اور روشن مستقبل کا معمار ہے، ڈپٹی کمشنر کلیم اللہ کاکڑ اور دیگر مقررین کا خطاب

شیرانی (یو این اے) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر شیرانی کی جانب سے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول خان عالم شیرانی میں یوم اساتذہ کے حوالے سے پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کاکڑ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں محکمہ تعلیم کے افسران سیف الرحمن، کریم خروٹی، ڈی او فیمیل عالیہ کاکڑ، ڈی ڈی او فیمیل فوزیہ، جی ٹی (باقی صفحہ 3 نمبر16)

استاد معاشرے کی فکری اور اخلاقی تعمیر کا بنیادی ستون ہے، بیگم عظمت حسن بلوچ

سبی (یو این اے) پاکستان گرل گائیڈ ایسوسی ایشن بلوچستان کی صدر محترمہ بیگم عظمت حسن بلوچ نے عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ استاد کسی بھی معاشرے کی فکری، اخلاق اور علمی تعمیر کا بنیادی ستون ہوتا ہے۔ اساتذہ کی محنت ہی قوموں کے روشن مستقبل کی بنیاد بنتی ہے بیگم عظمت حسن بلوچ نے کہا کہ استاد محض کتابیں پڑھانے والا شخص نہیں بلکہ وہ رہنما ہے جو نئی نسل کو علم کے ساتھ شعور، کردار، اخلاق اور زندگی کے نشیب و فراز کا سامنا کرنے کا حوصلہ دیتا (باقی صفحہ 3 نمبر17)

حکومت اور اپوزیشن کی رسہ کشی ملک کے مفاد میں نہیں، سید امان شاہ

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے حکومت اور اپوزیشن کے درمیان جاری رسہ کشی اور سیاسی محاذ آرائی کو ملک کے لیے نقصان دہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اس وقت سیاسی، معاشی اور امن و امان سمیت متعدد سنگین مسائل سے دوچار ہے۔ ایسے حالات میں سیاسی قوتوں کا باہمی کشمکش میں الجھنا ملکی مفاد میں نہیں۔ انہو (باقی صفحہ 3 نمبر15)

گوادر میں عالمی یوم اساتذہ کی پروقار تقریب، مرحومہ مہر النساء کو خراج عقیدت

اساتذہ کے لواحقین کے ان سروس ڈیتھ کوٹہ سے متعلق درخواستوں پر کارروائی مکمل کر لی گئی ہے

گوادر کے 62 غیر فعال اسکول بحال، 509 اساتذہ کی میرٹ پر بھرتی مکمل

گوادر (خ ن) محکمہ تعلیم اور ضلعی انتظامیہ گوادر کے زیر اہتمام اور یونیسف کے تعاون سے عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری اسکول گوادر میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس سال کی تقریب گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول پشتی کی سابق استانی مرحومہ مہر النساء کی تعلیمی و تدریسی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے ان کے نام (باقی صفحہ 3 نمبر14)

قلعہ سیف اللہ میں یوم اساتذہ کی پروقار تقریب، تقریباً 110 بہترین اساتذہ میں اعزازات تقسیم

قلعہ سیف اللہ (خ ن) یوم اساتذہ کے موقع پر شاندار تقریب، بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے تقریباً 110 اساتذہ میں اعزازات تقسیم قلعہ سیف اللہ: 5 اکتوبر کو دنیا بھر کی طرح ضلع قلعہ سیف اللہ میں بھی یوم اساتذہ کے موقع پر ایک پروقار اور شاندار تقریب کا انعقاد (باقی صفحہ 3 نمبر13)

ملت اسلامیہ پبلک ہائی اسکول اوستا محمد میں یوم اساتذہ کے حوالے سے تقریب منعقد

آج وہ جس مقام پر ہیں اس میں ان کے پہلے استاد کی تعلیم، رہنمائی اور تربیت کا اہم کردار ہے، مقررین

اوستا محمد (پ ر) ملت اسلامیہ پبلک ہائی اسکول اوستا محمد میں یوم اساتذہ کے حوالے سے تقریب منعقد ہوئی جس میں اسکول کے چیئرمین منظور احمد پدرانی نے اپنے پہلے استاد مرحوم محمد عثمان پدرانی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ آج وہ جس مقام پر ہیں اس میں ان کے پہلے استاد کی تعلیم، رہنمائی اور تربیت کا اہم کردار ہے۔ استاد کی دی ہوئی تعلیم اور تربیت انسان کی پوری زندگی پر اثر انداز ہوتی ہے اور اس کے مثبت اثرات نسلوں تک منتقل ہوتے ہیں۔ منظور احمد پدرانی نے کہا کہ 5 اکتوبر دنیا بھر میں یوم اساتذہ کے طور پر منایا جاتا ہے جو اساتذہ کی خدمات (باقی صفحہ 3 نمبر11)

لبنان کا ملک سے اسرائیلی افواج کے مکمل انخلا کا مطالبہ

بیروت (جی این ایم) لبنان کے وزیراعظم نواف سلام نے کہا ہے کہ تسلیم شدہ بین الاقوامی سرحدوں تک تمام لبنانی سرزمین سے اسرائیل کا انخلا ہونا چاہیے۔ عرب میڈیا کے مطابق نواف اسلام نے زور دیا کہ لبنان کی خود مختاری کی بحالی حکومت کا بنیادی ہدف ہے۔ انہوں نے (باقی صفحہ 3 نمبر12)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل پاک ایران مشترکہ ایوان صنعت وتجارت کے سالانہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں اس موقع پر چیئرمین ولی محمد جاوید رحیم پراچہ علی رضا رضوی عطاءاللہ مینگل بھی موجود ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون فیکس: 2824878 موبائل نمبر 03337867133 ای میل: tameerewatan33@gmail.com twnisb@gmail.com